قطبِ دائرہ

یعنی

دائرہ حضرت شاہ رفیع الزمان قدس اللہ سرہٗ کے گلِ سر سبد
حضرت شاہ محمد زمان نے، ان کے اجداد و صاحبزادگان
والا تبار کے حالات، نوشتہ جناب مولانا سید شاہ فخر الدین احمد
حکیم بادشاہ

اصل فارسی رسالہ سے ترجمہ

از

شاہ محمد شبیر عطا

58836

کتابت	محمد عرفان القاسمی پینئے پوری
مطبع	نامی پریس نخاس لکھنؤ
	۱۳۹۹ھ
	۱۹۷۹ء

Marfat.com

دیباچہ

از

عزیز گرامی جناب شاہ محمد شبیر عطا صاحب

سجادہ نشین خانقاہ کریمیہ سلون

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سنگم کی سرزمین پر

اکبر کے بسائے ہوئے شہر الہ آباد میں اللہ والوں نے بھی اپنے ڈیرے جمائے اور خانقاہی نظام کی داغ بیل ڈالی۔ ان نفوس قدسیہ نے دنیا کے ہنگاموں سے دور انسانیت کی فلاح وبہبود کی خاطر جو

Marfat.com

حصار کھینچے تھے وہ عرف عام میں دائرے کہلائے، الہ آباد کے یہ دائرے سارے ہندوستان میں مشہور ہیں، بروج آسمانی کی طرح ان کی تعداد بھی بارہ ہے، انھیں دائروں میں دائرہ حضرت شاہ رفیع الزمان ہے، اس دائرہ کے بانی حضرت شاہ عبداللطیف قدس اللہ سرہٗ شاہ رفیع الزمان کے جد مادری تھے۔ ابتدا میں حضرت شاہ عبداللطیف دربار اکبری کے ایک اہم رکن اور صوبہ جات بنگال، بہار اور اڑیسہ کے "طرف دار" تھے (مغلوں کے نظام حکومت میں "طرف دار" حاکم اعلیٰ یا جاگیر دار کو کہا جاتا تھا) اسی لیے تذکرہ نگار آپ کو نواب عبداللطیف کے خطاب سے یاد کرتے ہیں، نواب صاحب کی طالع مندی اور فیروز بختی تو دیکھئے کہ بنگال وبہار کی ریاست ترک کر کے دلوں کی شاہی ملی، دربار اکبری چھوڑ کر عارف باللہ حضرت راجو محمد کے دربار کی گدائی نصیب میں آئی۔

نازم بچشم خود کہ جمال تو دیدہ است

حضرت راجو محمد نے ولایت الہ آباد آپ کے سپرد کی، آپ نے اپنے اعزا ورفقا، (مثل مولوی ہدایت اللہ (جد حضرت شاہ رفیع الزمان) سید نظام (نبیرہ شاہ ابوالفتح گیلانی) نیر سید کمال کے جلو میں دریاباد کی جناتی مسجد میں قیام فرمایا، بعد کو یہ قافلہ شہاب الدین پور (دیحیی پور) میں منتقل

Marfat.com

آباد ہوگیا، مخدوم زادگان بخاری نے سید عبدالقادر بخاری و سید نصیرالدین بخاری سے سلسلۂ مصاہرت قائم ہوا (یہ خانوادہ حضرت شاہ عبداللطیف کی آمد سے پہلے مصطفےٰ آباد، دارا گنج میں آباد ہو چکا تھا، دارا گنج کا یہ خاندان الہ آباد کا معزز خاندان تھا ـــــــ بعد کو بھی رشتہ داریوں کا سلسلہ قائم رہا)۔ بیرم خاں خان خاناں آپ کے عزیز سید عبدالقادر بخاری کا معتقد تھا، اس کا نذرانۂ عقیدت ایک فرمان کی شکل میں اب بھی آپ کے خاندان کے ممتاز فرد محترمی جناب سید مظفر حسن صاحب قبلہ سابق وزیر یو پی گورنمنٹ کے ذخیرۂ کتب میں محفوظ ہے،

آپ کے ترک منصب کی خبر جب شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے کانوں تک پہونچی تو اسے اس خبر سے دلی صدمہ پہونچا، اس نے آپ کی خانقاہ کے مصارف کے لئے ایک معافی کا فرمان جاری کیا، لیکن آپ کی ہمت عالی نے اسے قبول نہ کیا، آپ نے بادشاہ کو یہ قلندرانہ جواب دیا۔

وَفِی السَّمَاءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوعَدُوْنَ

بعد کو یہ معافیاں آپ کے اعزا کے نام منتقل ہوگئیں۔

جہانگیر نے جس زمانہ میں اکبر اعظم کے خلاف بغاوت کر رکھی تھی، اس کا قیام الہ آباد ہی میں تھا، اس نے بھی امیر الامرا، محمد شریف خاں کو

Marfat.com

حضرت شاہ عبداللطیف قدس اللہ سرہٗ کی خدمت میں روانہ کیا تھا، اس واقعہ کی شاہد ایک وصلی ہے، یہ وصلی خطاطی کا شاہکار ہے، آب زر سے لکھی ہوئی اس وصلی پر شریف خان کے دستخط ہیں، اور آخر میں یہ عبارت درج ہے۔

"بشرف قبول حضرت سیادت پناہ میر عبداللطیف مشرف باد"
(یہ وصلی بھی خدا کے فضل سے دست برد زمانہ سے محفوظ ہے)

حضرت شاہ عبداللطیف عرصہ تک مسند رشد و ہدایت پر متمکن رہے، شاہزادہ اورنگ زیب عالم گیر کی عمر کا گیارہواں سال تھا جب حضرت کا وصال ہوا (یہ شاہ جہان کے عہد حکومت کا ابتدائی زمانہ تھا)

"ہائے شیخ عجم" مادہ تاریخ وفات ہے۔

۱۰۳۹

آپ کے بعد آپ کے صاحبزادے مولانا محمد قائم سجادہ نشین ہوئے آپ کا شمار اس عہد کے مشاہیر علماء میں ہوتا تھا، شاہ صاحب کے قائم مقام و جانشین حضرت شاہ رفیع الزمان قدس اللہ سرہٗ تھے، آپ حضرت کے خواہر زادہ بھی تھے، اور آپ ہی کے نام سے دائرہ مشہور ہوا۔ والد کا اسم گرامی شاہ بدیع الزمان اور دادا کا نام نامی مولوی ہدایت اللہ قادری تھا، شاہ بدیع الزمان بھی شاہ عبداللطیف صاحب کے خواہر زادہ

Marfat.com

اور داماد تھے، شاہان مغلیہ و نوابین اودھ اس خاندان کے مرتبہ شناس تھے۔ شہنشاہِ اکبر و جہانگیر، شاہ جہاں اور اورنگ زیب، نیز فرخ سیر کے فرامین، مولوی ہدایت اللہ، سید نظا، سید لعل، شاہ بدیع الزمان کے نام آتے رہے، امرا عہد مغلیہ میں چین قلیچ خاں (مرید شاہ جہاں)، سید صوفی (مرید عالم گیر)، سید عبداللہ (امیر الامراء)، اور نجبت خان قابل ذکر ہیں ——
آصف الدولہ بھی اس خانوادہ کا قدردان تھا، استغنا و بے نیازی اس خاندان کی مشہور تھی، بادشاہوں اور وزیروں سے دور کا واسطہ تھا، ورنہ جائداد لاکھوں تک پہونچتی، اس کے شاہد وہ فرامین و اسناد ہیں جو وقتاً فوقتاً دربار مغلیہ اور سرکارِ اودھ سے جاری ہوتے رہے۔

محترمی جناب سید مظفر حسن صاحب قبلہ کے ذخیرہ میں سات سو فرامین و اسناد، پروانے اور رقعے دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔
(فرامین وغیرہ کا یہ نایاب کلکشن اب الہ آباد میوزیم کی امانت میں دے دیا گیا ہے)۔

اس خاندان کے گل سرسبد حضرت شاہ محمد زمان قدس اللہ سرہٗ تھے انھوں نے اپنے اسلاف کے مانند حکومت و ریاست سے ہمیشہ بے تعلقی برتی اور صحیح معنی میں درویشی اختیار کی، اسی کا ثمرہ تھا کہ ڈیڑھ سو سال تک آپ کے خاندان سے علم منقطع نہیں ہوا، ظاہری وجاہت کا

Marfat.com

یہ عالم تھا کہ بے تاج کے بادشاہ سمجھے جاتے تھے، اللہ تعالیٰ نے اولاد بھی ایسی دی کہ رشک آتا ہے، سات صاحبزادے تھے، مگر سب لائق فائق اور ممتاز شخصیتوں کے مالک تھے، آپ کے جانشین جناب مولانا سید شاہ فخرالدین احمد عرف حکیم بادشاہ، ہندوستان کے ممتاز ترین علماء میں تھے، وہ اپنے وقت کے میر فتح اللہ شیرازی کہے جانے کے مستحق ہیں، مدرسہ سبحانیہ جس نے اپنی عمر کی ایک صدی پوری کرلی ہے، حکیم صاحب کے مایۂ ناز شاگرد مولوی عبدالسبحان کی یادگار ہے، صوبہ بہار کے مشہور زمانہ عالم مولانا محمد سجاد صاحب کا تعلق اسی سلسلہ سے ہے، دوا بدیں حافظ عباس علی خان (جن کا سلسلہ حیدرآباد دکن تک پہنچا) حکیم بادشاہ کے دست گرفتہ تھے۔ اس کے علاوہ تیرہویں صدی کے بیسوں علماء ومشائخ حکیم صاحب ہی کے نام لیوا ہیں، عہد حاضر کے مشہور مورخ اور تذکرہ نگار علامہ عبدالحی حسنی نے اپنی سدابہار کتاب نزہۃ الخواطر میں (جو ہندوستان کے مشاہیر اور اہل کمال کے حالات میں سب سے مستند ذخیرہ ہے) حکیم بادشاہ کے بارے میں یہ جچی تلی رائے دی کہ

کان اعلم العلماء فی عصرہ
(یعنی آپ سرآمد علماء روزگار تھے)

اسی سے آپ کے علم وفضل کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، تذکرہ علمائے ہند کے مصنف آپ کی طبی مہارت کے بارے میں لکھتے ہیں۔

Marfat.com

"بوجہ حذاقت وشہرت معالجہ ملقب بہ حکیم بادشاہ شد"
حکیم بادشاہ کے سات بھائیوں میں جناب شاہ محمد حسن اشرف صاحب بڑی خوبیوں کے مالک تھے، حضرت شاہ محمد زمانؒ کے بعد سجادہ نشین آپ ہی ہوئے تھے لیکن موت نے مہلت نہ دی ؎

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

ٹامس ولیم بیل نے آپ کا تذکرہ کیا ہے، فارسی اور ریختہ دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے، اشرف تخلص تھا، ایک دیوان فارسی، نیز مثنوی معدن فیض، مثنوی ترانۂ عشق، ماحرنان اشرف اور منظومہ کیدانی آپ کی یادگار ہیں۔ یہ سب کتابیں عرصہ ہوا شائع ہو چکیں۔

شاہ محمد حسن اشرف کے صاحبزادے شاہ حیدر حسن صاحب تھے جنھوں نے تذکرہ مذاق سخن مرتب کیا ہے۔ یہ تذکرہ ۹۹ سال سے شائع ہو چکا ہے، شاہ حیدر حسن صاحب کے خلف الصدق ملا مظہر حسن تھے آپ حکیم بادشاہ صاحب کے نواسے تھے۔ محترمی جناب سید مظفر حسن صاحب ملا صاحب کے بڑے صاحبزادے ہیں حکیم بادشاہ کے ایک بھائی شاہ علی حسن صاحب تھے، ان کا انتقال ۱۲۷۰ھ میں حجاز مقدس کے راستے میں ہوا اور شہادت کا درجہ نصیب ہوا، ۱۲۷۰ھ میں حاجیوں

Marfat.com

کا ایک جہاز جدّہ کے قریب تہہ آب ہوا تھا، اسی جہاز پر مفتی عنایت احمد صاحب مصنف علم الصیغہ بھی سفر کر رہے تھے، وہ بھی شہید ہوئے۔ خان بہادر مولوی امین الدین احمد صاحب جنھوں نے الہ آباد چوک کی جامع مسجد از سر نو بنوائی تھی، آپ ہی کے صاحبزادے تھے۔ جنگ آزادی میں بھی اس خاندان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، حکیم بادشاہ کے خلیفہ اور برادر خورد شاہ محمد عباس برطانوی حکومت کے معتوب تھے، انقلاب ۵۷ء میں آپ تحصیل مودہا ضلع ہمیر پور کے تحصیلدار تھے، نواب باندہ کی اعانت کے جرم میں گردن زدنی قرار پائے، گھر بار ضبط ہوا، عباس منزل ویران ہوئی، جائداد نیلام ہو گئی اور جان کے لالے پڑ گئے، عرصہ تک یہ کیفیت رہی، آخر مولوی شکر اللہ صاحب محب الٰہی نے اپنے اثرات سے کام لے کر آپ کی جان بخشی کرائی لیکن معافی اور جائداد واگزار نہ ہو سکی (مولوی شکر اللہ صاحب سر ولیم میور کے استاد تھے) شاہ محمد عباس اس کے بعد عرصہ تک ریاست بھوپال میں معتز عہدوں پر سرفراز رہے۔ آپ کے صاحبزادے شاہ محمد علیم بڑے ذی علم اور نغز گو شاعر تھے۔ اپنے عم نامدار حکیم بادشاہ اور مولانا عبد السبحان سے تعلیم حاصل کی۔ فارسی نظم و نثر دونوں کے نمونے دیکھنے کے لائق ہیں۔ مثنوی "سبع سیارہ" آپ کی یادگار ہے۔ تاریخ گوئی کا ملکہ خداداد تھا، آپ کے قطعات تاریخ انکے شاہد ہیں۔

Marfat.com

فارسی میں آپ نواب عبدالعزیز خاں (از اولاد امجاد حافظ الملک حافظ رحمت خاں) سے اصلاح لی تھی، اردو میں آپ کو میر اعظم علی اعظم الٰہ آبادی سے تلمذ تھا۔

حکیم بادشاہ کے جانشین جناب مولانا حکیم سید شاہ مسیح الدین احمد صاحب الٰہ آباد میں بلا امتیازِ مذہب و ملت بڑی محبوب اور معزز شخصیت کے مالک تھے۔ حکیم مسیح الدین احمد صاحب کے بعد آپ کے فرزند جناب شاہ محمد احسن صاحب سجادہ نشین ہوئے۔ ان کا وصال ابھی حال میں ہوا ہے۔

مشہور صاحب طرز ادیب اور مورخ مولانا مقبول احمد صمدنی بھی اسی خانوادہ سے تعلق رکھتے تھے

ایں سلسلہ از طلاء ناب است

ایں خانہ تمام آفتاب است

حضرت شاہ عبداللطیف صاحب قدس اللہ سرہٗ شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے دربار کو چھوڑ کر جب الٰہ آباد میں فروکش ہوئے تو آپ کے ہمراہیوں میں سید کمال بھی تھے جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے انھیں سید کمال کے پوتے جناب حکیم سید احمد علی تھے، حکیم صاحب اپنے وقت کے نامور طبیب ہوئے آپ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے مایۂ ناز شاگرد تھے، حضرت شاہ صاحب کے ملفوظات میں آپ کا نام آتا ہے، حکیم صاحب حضرت شاہ بدیع الزماں

Marfat.com

کے نواسے تھے،

حکیم سید احمد علی صاحب کی اولاد میں جناب حکیم سید شفاء الصمد تھے آپ جناب شاہ نور الحسن صاحب کے نواسے تھے۔

جناب مولانا محمد حسین الہ آبادی کے ارشد تلامذہ میں آپ کا شمار ہے عہ فارسی اور اردو دونوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔ زبان صاف ہے شاعری میں شائق تخلص تھا۔ مولانا سید شاہ مسیح الدین احمد صاحب سے بیعت تھے آپ نے اپنے پیر و مرشد کی رحلت پر جو قطعہ تاریخ کہا تھا وہ درج ذیل ہے

نورِ مطلق مرشدِ برحق امام العارفین
قبلۂ اربابِ حاجت کعبۂ اہلِ مراد

شاہ مولانا مسیح الدین احمد قادری
نقشبندی سید والانسب عالی نژاد

ہادیٔ راہِ طریقت رہبرِ شرعِ نبی
بحرِ علم کانِ حلم و کنزِ فضل و عقل و داد

شبلیٔ دوراں جنیدِ عصر در کشف و شہود
چوں فلاطون و ارسطو در علاج و اجتہاد

عہ جناب مولانا عبد الحی صاحب فرنگی محلی سے بھی استفادہ کیا تھا۔ ۱۲

ازولِ پاکش ہمہ عالم فراش شد مگر
حب حق عشق محمد مصطفےٰ میداشت یاد
بر یتیمان و مساکین وذوی القربیٰ شفیق
بود عالم باعمل یارب بجنت باد شاد
یوم رحلت چارشنبہ، چار دہ ماہ صیام
وقت رحلت چاشت، سالِ رحلتش مغفور باد

۱۳۳۴ھ

اس خاندان کی تاریخ بہت دلچسپ ہے۔ نزہۃ الخواطر، شمع انجمن، صبح گلشن، نگارستان سخن، تذکرہ علما، حال تذکرہ علماء حدیث نیز اور نیشل بائیوگرافکل ڈکشنری میں اس خاندان کے مشاہیر کے حالات نظر آتے ہیں۔ خاندانی کتابوں میں تذکرہ مذاق سخن، مثنوی شجرۃ العارفین اور مثنوی سبع سیارہ، ارمغان عثمان شاہی اور تاریخ امروہہ سے بھی خاندان کی تاریخ جھلکتی ہے۔ فرامین واسناد کا قابل قدر ذخیرہ بھی موجود ہے اس سے بھی تاریخی کڑیاں مل سکتی ہیں۔ خوش قسمتی سے دربگی محل کے کتب خانہ میں جناب مفتی محمد نعیم صاحبؒ کی فرمائش پر لکھی ہوئی ایک بیاض دستیاب ہوئی یہ بیاض دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصہ میں حضرت شاہ محمد زمان اور ان

Marfat.com

کے اسلاف کے حالات ہیں، دوسرے حصہ میں حکیم بادشاہ جناب مولانا حکیم سید شاہ فخرالدین احمد صاحب کے ابتدائی حالات انھیں کے قلم سے درج ہیں۔ یہ دونوں حصے حکیم بادشاہ نے غالباً جناب مفتی صاحب رح کی فرمائش پر لکھے تھے۔ یہ بیاض اس عہد کے مذاق کے مطابق فارسی میں لکھی گئی تھی، محترمی جناب سید مظفر حسن صاحب قبلہ کی فرمائش پر میں نے اس بیاض کو اردو میں منتقل کیا ہے، ترجمہ بامحاورہ ہے، حتی الامکان سلیس اردو میں مفہوم ادا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس ترجمہ کو میں عزیزان گرامی سید نورالعین اشرف عرف نور میاں اور سید نجم الحسن نجمی کے نام معنون کرتا ہوں۔

حکیم بادشاہ صاحب کی بیاض کا ترجمہ "قطب دائرہ" کے نام سے شائع ہو رہا ہے، الفت الہ آبادی کی مثنوی "شجرۃ العارفین" اور شاہ محمد علیم صاحب کی مثنوی "سبع سیارہ" اور قطعات تاریخ کا انتخاب بھی ایک مجموعہ کی شکل میں شائع ہو رہے ہیں۔ مثنوی "شجرۃ العارفین" اور اس کے مصنف شاہ محمد علی الفت الہ آبادی کا تعارف بھی کراتا چلوں۔

الفت کے حالات مجھے محترمی جناب سید مظفر حسن صاحب کے ذریعہ معلوم ہوئے۔

منشی محمد علی الفت الہ آبادی، احمد پور اسردلی پرگنہ چائل کے رئیس

Marfat.com

تھے۔ عرصہ تک ریاست بھوپال میں تحصیلداری کے فرائض انجام دیتے رہے شاعری میں حضرت شاہ غلام اعظم الہ آبادی متخلص بہ اعظم کے شاگرد تھے اور بیعت انھیں حضرت شاہ محمد حسن اشرف سجادہ نشین حضرت شاہ محمد زمانؒ سے تھی۔ جناب شاہ حیدر حسن صاحب نے اپنے تذکرہ ذاق سخن میں الفت کو رشک فردوسی وانوری لکھا ہے، واقعی وہ آستانہ شاہ رفیع الزماں کے فردوسی تھے، اور شجرۃ العارفین ان کا "شاہ نامہ" ہے۔ شجرۃ العارفین میں جو زبان استعمال کی گئی ہے وہ متقدمین شعرا فارسی کی زبان سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ چند نمونے صاحبان ذوق کی خدمت میں پیش ہیں۔

یہ مثنوی سلاست اور روانی میں بے مثل ہے۔ شعریت کی داد نہیں دی جاسکتی۔

اپنے پیر و مرشد حضرت شاہ محمد حسن اشرف کی مدح میں فرماتے ہیں۔

سعادت خانہ زادِ گوہر او
سیادت زیر فرق انور او

ریاضت را از و سرمایۂ ناز
افاظلت ناز پرورده در او

بچشم اہل بینش بہ ز اکسیر
نماید جلوہ با خاک در او

بسر داران بزم شعرا امروز
نمی یابم کسے را ہمسر او

فصاحت را از و تا زہ و تفاخر
بلاغت باشد ادنیٰ چاکر او

بفرحت می برد جانِ حزیں را | معانی ہائے اشعارِ تر اُو
ہماناں نالہ موزوں کردنش را | شدہ عشقِ حقیقی رہبرِ اُو
بیک دم سر کشد صد شعلۂ طور | ز انوارِ ضمیرِ انورِ اُو
بباتا دی کسی را ز اتو نہ بگزید | کہ بودہ خضرِ معنی رہبرِ اُو
فلک بودی خجل از پستیٔ خود | اگر دیدی مقامِ برترِ اُو
بس اے الفت مقامِ خود نگہدار | کجائی تو کجا شانِ وفرِ اُو

حکیم بادشاہ صاحب کی مدح کس شان سے کی ہے۔

جبینش پُر از نورِ فضل و کمال | سہی سرو از جوئبارِ جلال
طریقت مآب و شریعت پناہ | بملکِ فضیلت یکی بادشاہ
چو با فخر رازی و از بو علی | وہم نسبتش باشد از جاہلی

جناب مولانا حکیم سید شاہ مسیح الدین احمد صاحب سجادہ نشین کی مدح میں فرماتے ہیں۔

حذاقت ہویدا از جبینش عیاں | ملقب شدہ با مسیح الزماں
بگویند اورا حکیمِ ہمام | کہ بر ذاتِ اُو گشت حکمت تمام
بہ تشخیص اُو بسکہ نازد دوا | کہ بردستِ او کرد بیعت شفا

الٰہ آباد کی تعریف میں چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

دیارِیکہ آبادیش از الٰہ است | ز بس شہرہ ہائیش بہر شہر ہاست

Marfat.com

زمینش ہمانا کہ زرنگ سماست — سوادش تو گوئی کہ مینو فضاست
بسہ جانبش بحرہای جزیل — روانند چوں چشمۂ سلسبیل
بنام الہ است آبادیش — زوادی ایمن ہمیں وادیش

یحیٰی پور اور خانقاہ **شاہ رفیع الزماں** کے بارے میں فرماتے ہیں۔

دریں شہر فرخ بسمت جنوب — زمینی بسی زندہ و جای خوب
کہ یحیٰی چو باپور سازیم ضم — شود صاف نام محلہ علم
دریں خاک پاک آن ولایت پناہ — بنا کرد کیوان نشان خانقاہ

مثنوی شجرۃ العارفین ۱۲۸۳ھ میں تصنیف ہوئی اور ۱۲۹۶ھ میں طبع ہوئی تقریباً ایک صدی سے زیادہ عرصہ ہوا اس کی اشاعت دوبارہ نہ ہوسکی۔

حضرت الفت الہ آبادی خانوادہ حضرت شاہ رفیع الزماں کے معتقد، مداح اور ثنا خواں تھے اس لیے ان کی یادگار میں اس کتاب کو دوبارہ شائع کیا جارہا ہے۔ الفت ہی کی زبان میں اس دیباچہ کو ختم کررہا ہوں۔

بدانی تو دانائے سر نہاں — کہ ایں مقبلان ترا مدح خواں
نہ از بہر دنیای دوں گفتہ ام — نہ بہر نمود و نموں گفتہ ام
ہمیں مدعا دبس کہ اے کردگار — طفیل ہمہ با بروز شمار
بخدمت پسندیش آزاد کن — بمقبولی خدمتش شاد کن

آخر میں

اپنے پاکستانی اعزا سے درخواست ہے کہ وہ شاہ محمد علیم الہ آبادی کی کلیات کی اشاعت کا مژدہ سنائیں،

شاہ صاحب کا دیوان پاکستان میں موجود ہے۔ سردست ان کی مثنوی، سبع سیارہ اور قطعات تاریخ کا انتخاب اشاعت کیلئے دیا جارہا ہے۔

شاہ محمد شبیر عطا

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً مُصلیاً وَّمسلماً

بزم قادریہ کے صدر نشین حضرت شاہ محمد زماں قدس سرہٗ جن کی ذات سرچشمۂ فیض اور جن کا دل آئینۂ حقیقت تھا، سرآمد روزگار عارفان زماں تھے، حضرت والا کا سلسلۂ نسب چند واسطوں سے حضرت زید ابن امام حسن علیہ السلام تک پہنچا ہے۔

آپ کی ولادت ۱۱۷۲ھ میں ہوئی، خدا کے فضل سے اس خاندان عالی شان کا نسب اب بھی محفوظ ہے، آپ کے اجداد ہمیشہ مسند نشین فقر رہے۔ استغنا اور بے نیازی کو اپنا شعار بنایا، آپ کی خانقاہ کے مصارف کے لئے آپ کے بزرگوں کو شاہان مغلیہ نے بڑے بڑے حاصل علاقے بطور نذر پیش کئے تھے، مگر چند ہی مواضعات جن سے بسر اوقات ہو سکے، قبول فرمائے گئے، یہ مواضعات میرے عہد طفولیت میں باقی تھے بعد کو یہ علاقہ بھی برطانوی حکمرانوں نے ضبط کر لیا۔ صرف ایک گاؤں جس کی آمدنی بارہ سو روپیہ سالانہ ہے، باقی رہ گیا۔ اس کی آمدنی حضرت والا کے فرزندوں کے مصرف

Marfat.com

میں ہے، حضرت والا کی قرابت حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت سید جلال الدین بخاری کے خانوادہ سے ہے، حضرت مخدوم کی نسل سے جناب سید محمد نصیر الدین وجناب سید عبدالقادر سب سے پہلے الہ آباد تشریف لائے اور مصطفےٰ آباد میں جسے دارا گنج کہتے ہیں قیام پذیر ہوئے، دارا گنج الہ آباد کے قلعہ کے قریب واقع ہے، اس زمانہ میں یہاں غیر مسلم زیادہ تھے، حضرت مخدوم جلال الدین بخاری کے ان دونوں ورثا (یعنی سید نصیر الدین صاحب وسید عبدالقادر صاحب) نے غیر مسلم سرکشوں کو زیر کرکے ان کے عبادت خانے مسمار کر دیئے، یہیں اپنی بود و باش اختیار کی اور یاد الٰہی میں مصروف رہ کر زندگی گذار دی، ان کے ورثا کی بود و باش ہنوز اسی محلہ میں ہے۔ میری والدہ کا تعلق بھی اسی خانوادۂ عالیہ سے ہے۔

حضرت والا اخلاق ومروت کے پتلے اور تقویٰ اور پرہیزگاری میں ممتاز تھے، فیاضی اور سیر چشمی آپ پر ختم تھی، بارہا ان آنکھوں نے یہ منظر دیکھا ہے کہ سائل آیا اور حضرت خاصہ پر ہیں فوراً آپ نے کھانا اُسے بھجوا دیا یا کسی فقیر نے کپڑے مانگے آپ نے اس کو ملبوس خاص عطا کر دیا۔ ایسے عالم میں یہی ہوتا تھا کہ خود حضرت نے اپنی رات فاقہ میں گذار دی اور لباس کے بغیر کسی گوشہ میں آرام کیا آخر جب میری والدہ محترمہ دوسرا لباس تیار کرکے لائیں تو آپ اُسے زیب تن فرما کے برآمد ہوتے، اکثر ایسا ہوا کہ موسم سرما میں کسی ضرورت مند کو لحاف

Marfat.com

توشک بخش دیا اور خود دالان کے بینچ پر دے اوڑھ کر رات گزار دی۔

میرے حضور کے مزاج میں مروت بہت تھی۔ ایک بار آپ کے ملازم حسن علی نے اپنی تنگ دستی کا تذکرہ کیا آپ نے اسے پانچ روپے عنایت کئے اور فرمایا کہ یہ روپیہ کسی تجارت میں لگا دو، اس کے منافع سے اپنا کام چلاؤ۔ چند سال بعد میاں حسن علی اصل مع منافع ہضم کر گئے، آپ کو جب واقعہ کی اطلاع ہوئی تو آپ نے اس سلسلہ میں ان سے کسی قسم کی باز پرس نہیں کی، اس سے بھی زیادہ سننے کے لائق یہ ہے کہ آپ اس روپیہ کی زکوٰۃ بھی مستقل ادا کرتے رہے، میں نے عرض کیا آپ پر زکوٰۃ واجب نہیں تو جواب میں کیا خوب فرمایا۔ اگر اسی بہانے عزیمت پر عمل کرنے کا موقع مل جائے تو سبحان اللہ، پھر حسب حال یہ شعر پڑھا۔ ع کار بر رخصت بود حیض رجال

یعنی رخصت پر عمل کرنا کم ہمتوں کا شیوہ ہے۔

واقعی یہ شعر حضرت والا کے حسب حال ہے ؎

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر　　گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

طبیعت انصاف پسند واقع ہوئی تھی، آپ ہمیشہ حق و صداقت کے خواہاں رہے، ہر کام میں خواہ دینی ہو یا دنیاوی سچائی کا خیال رہتا، نماز ہمیشہ خضوع وخشوع سے ادا کرتے۔ تعدیل ارکان کا زیادہ خیال فرماتے۔ کسی کو اگر بدلی سی نماز پڑھتے دیکھ لیتے تو فرماتے۔ میاں نماز اطمینان سے پڑھو، مرغوں کے

Marfat.com

چلنے کا انداز کوئی اختیار کرتا ہے تو خدا کی شانِ بے نیازی اس منظر کو نفرت کی نظر سے دیکھتی ہے ۔ میرا ذاتی تجربہ اور برسوں کا مشاہدہ ہے کہ حضرت والا نے نماز عجلت اور روا روی میں کبھی نہیں پڑھی ، ہمیشہ تعدیل ارکان کا خیال رکھا ، کسی کو بُرا نہیں کہا ، کوئی بات ایسی نہیں کہی جو کسی کو ناگوار ہو یا جس سے کسی کا دل دکھے ، شاید ہی کسی سے بہت ناراض ہوتے تو اسے صرف مرغ مصلی کہہ دیتے یعنی نمازی مرغا ، تقوے اور پرہیز گاری کا یہ عالم تھا کہ کہیں سے اگر کوئی عمدہ اور ذائقہ دار چیز تحفہ میں آتی تو آپ قبول کرنے سے پہلے دریافت فرماتے کہ یہ جائز ہے یا نہیں ۔ جب اطمینان ہوتا تب اُسے نوش فرماتے ۔ اکثر اسی موقعہ پر فرماتے تھے ۔

" دریں راہ اکل حلال و صدق مقال می باید " یعنی فقر و درویشی میں لقمہ حلال کو بڑا دخل ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو لحن داؤدی عطا فرمایا تھا قرآن شریف اس خوش الحانی سے پڑھتے کہ راہ چلتے مسافر ٹھہر جاتے ، آپ کا معمول تھا کہ فجر کے بعد اشراق تک ذکر و شغل میں مصروف رہتے اشراق کی نماز آستانہ کی مسجد میں پڑھتے (یہ مسجد شاہراہِ عام سے قریب واقع ہے) نماز کے بعد تلاوت قرآن مجید فرماتے ، اس تلاوت کے اشتیاق میں مسجد کے نیچے ہندو اور مسلمانوں کے ٹھٹ لگ جاتے اور دیر تک آپ کی قرأت سننے کے لئے ہمہ تن گوش رہتے ، چاشت کی نماز تک یہ سلسلہ

S8836

Marfat.com

رہتا آپ، یہ نماز ہمیشہ سنت کے مطابق (تقریباً دس بجے) پڑھتے۔
حدیث شریف میں آیا ہے کہ چاشت کی نماز اس وقت ادا کرنا زیادہ بہتر ہے جب اونٹ کے بچوں کے پیر ریگستان کی تپش سے جلنے لگیں۔
چاشت کے بعد خاصہ تناول فرماتے اور کچھ دیر قیلولہ فرماتے، حدیث شریف میں قیلولہ کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ زوال سے پہلے بیدار ہوتے۔ حوائج سے فارغ ہو کر نماز فیٔ زوال ادا کرتے اور اس نماز کے فضائل جو حدیث شریف میں آئے ہیں، اکثر بیان فرماتے، اس کے بعد ایک گھنٹہ یا اس سے زیادہ ذکر جہرا اور مراقبہ فرماتے، نماز ظہر جماعت کیساتھ پڑھتے، ظہر کے بعد اگر طالب علم ہوتے تو انھیں درس دیتے ورنہ بزرگانِ دین کے سبق آموز قصے سناتے۔ اس موقعہ پر اگر کوئی ملنے والا موجود ہوتا تو اس سے بڑی خوش دلی سے ملتے اور اس درجہ التفات فرماتے کہ اس کا دل حضرت کی محفل سے ہٹنے کا نہ چاہتا۔ ایسا بھی ہوتا تھا کہ آنے والوں میں غیر مسلم بھی ہوتے، آپ ان سے بھی اخلاق سے پیش آتے، اگر کوئی طالب علم یا خاص عزیز نہ ہوتا تو آپ ذکر میں مشغول ہو جاتے یا کبھی مراقبہ فرماتے، عام طور پر یہ مراقبہ قلبی ہوتا، درود شریف کا بھی خاص التزام تھا، کم از کم ہزار بار درود شریف کا یومیہ معمول تھا، عصر تک یہ سلسلہ رہتا، عصر کی نماز باجماعت پڑھتے، پھر وہی ذکر کا سلسلہ مغرب تک جاری رہتا۔ کبھی کبھی مغرب کی

Marfat.com

نماز آخر وقت، عشاء کی نماز اول وقت ساتھ پڑھتے مگر ایسا موقع کم آتا تھا عصر کے بعد اگر خاصہ تیار ملتا تو مسرت کا اظہار کرتے فرماتے تھے عصر کے بعد کھانا تہجد کے لئے بہت مفید ہے، عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر فرماتے "سلطان اللیل شدم" (یعنی اب یہ رات میری ہے) عشاء کے بعد جلد استراحت فرمانے کا معمول تھا۔ میری عمر سات سال تھی یا شاید آٹھ سال کی، صحیح یاد نہیں۔

بہرحال مجھے یہ شرف حاصل تھا کہ میں اس وقت حضرت ہی کے بستر پر سوتا تھا میں نے بارہا دیکھا کہ حضرت آدھی رات کے بعد بیدار ہوتے، طہارت خانے جاتے پھر خشوع وخضوع سے تہجد پڑھتے، میرا اپنا مشاہدہ ہے کہ حضرت والا نے دیکھتے دیکھتے نماز کی نیت توڑ دی، چند قدم آگے بڑھے اور جلتے ہوئے کسی کو اپنے سامنے سے ہٹا کر باواز بلند لاحول ولا قوۃ پڑھا اور پھر نیت باندھ لی، بارہا ایسا ہوا میں حضرت کی خدمت میں رہتے رہتے کچھ بے تکلف ہو گیا تھا اسی لئے میں نے دریافت کیا۔ حضور والا یہ کیا قصہ ہے۔ فرمایا، میں کیا کروں مجبوراً ایسا کرنا پڑتا ہے۔ ایسا ہوتا ہے کہ نیت باندھتے وقت شیطان ایک شعلۂ آتشیں میرے سامنے لاتا ہے اور مجھے نماز کی نیت توڑ کر اسے ہٹانا پڑتا ہے،

تہجد کے بعد کچھ دیر آرام فرماتے، سحر کے وقت آپ کی گریہ وزاری اور راز ونیاز کا منظر دیکھنے کے قابل ہوتا۔

Marfat.com

؎ آخر شب دید کے قابل تھی بسمل کی تڑپ"

حضرت والا نے مجھ سے فرمایا تھا کہ اس وقت یہ دعا پڑھا کرو" اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ واستر عیوبی ولا تخزنی فی الدنیا والآخرۃ انك علیٰ كل شیءٍ قدیر۔"

سپیدہ صبح جب نمودار ہوتا، آپ تازہ وضو کرتے، پھر بچوں کو نماز کے لئے اٹھاتے اور پھر خود جماعت کے ساتھ صبح کی نماز ادا فرماتے ہوز عشق آپ کے خمیر میں تھا۔

سنا ہے خاک سے تیری نمود ہے لیکن   تیری سرشت میں ہے کوکبی و مہتابی

ابتدا میں آپ نے بڑے مجاہدے اور ریاضتیں کیں ان ہی ریاضتوں کی بدولت آپ مدارج عالیہ پر سرفراز ہوئے، آپ کو حضرات قادریہ (یعنی حضرت محی الدین غوث الاعظم شیخ عبد القادر جیلانی) کے سلسلے کے بزرگوں سے جو نسبت تھی وہ اظہر من الشمس ہے، آپ مجاہدہ کے درجہ سے مرتبہ مشاہدہ پر پہونچے۔

یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا   ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں

ذکر و شغل سے آپ کو فطری مناسبت تھی اور شاید یہی وجہ تھی کہ آپ باقاعدہ علوم ظاہری کی تعلیم نہ حاصل کر سکے، فقہ اور دینی مسائل سے آپ کو پوری واقفیت تھی۔ باوجود اس کے جب آپ علوم و معارف بیان فرماتے تو بڑے

Marfat.com

بڑے علما رشک کرتے۔ میں نے بار ہا مولانا شکر اللہ مدظلہٗ کو (جنہیں حضرت شیخ محب اللہ الہ آبادی سے نسبی تعلق تھا) یہ کہتے سنا کہ اعلیٰ حضرت کے علم کی تھاہ نہیں ملتی، اکثر حضور نے فرمایا اور مطالعہ کے بعد یہ دیکھا کہ تصوف کی اعلیٰ کتابوں میں بھی یہ سب موجود ہے، حالانکہ حضرت نے شاید وہ کتابیں دیکھی بھی نہ ہوں، واقعی یہ حضرت کا تصرف تھا، دیوان حافظ پر آپ کو پورا عبور تھا۔

آپ کی نسبت بڑی قوی تھی۔ گرمیٔ عشق سے آپ کا قلب گویا میخانۂ باطن تھا۔

جائیے کس واسطے اے درد میخانہ کے بیچ
کچھ عجب مستی ہے اپنے دل کے پیمانے کے بیچ

ایک دن ایک فقیر در دولت پر حاضر ہوا۔ بظاہر تو قدم بوسی کے لئے حاضر ہوا تھا لیکن اس کا مدعا کچھ اور تھا۔ وہ حضرت والا کی نسبت سلب کرکے چلا نا چاہتا تھا۔ اس وقت حضرت والا محل سرا سے برآمد نہیں ہوئے تھے بہرحال مہمان کی حیثیت سے اس کی تواضع کی گئی لیکن اس کی بدبختی کو کیا کہیے کہ اس نے حضرت والا کے باہر آنے پر اصرار کیا حالانکہ آپ اوراد و اشغال میں مصروف تھے، میں نے بھی حضرت سے اس کی سفارش کی، حضرت کو اپنے کشف سے پہلے ہی اسکی باطنی کا علم ہوچکا تھا، اور طبع نازک پر یہ بات گراں گذری تھی،

Marfat.com

میرے اصرار پر آپ برآمد ہوئے اور اس درویش کے سامنے تشریف فرما ہو گئے درویش نے حضرت والا کی مزاج پرسی بھی نہ کی اور دیکھتے ہی مراقبہ شروع کر دیا۔ کچھ دیر کے بعد حضرت والا کی گرمیٔ نسبت سے اس درویش کی حالت غیر ہونے لگی، اور فرار کی کوشش کرنے لگا۔ ہر چند اسے روکا گیا مگر وہ خدا کا بندہ نہ چلا ہی گیا، اندازہ یہ ہوا کہ اگر وہ کچھ دیر اور ٹھہر جاتا تو حضرت والا اس کی گستاخی کی وجہ سے اس کی نسبت باطنی سلب کر لیتے۔

حضرت والا استدلال کے مقابلے میں وجدان کے قائل تھے، حالانکہ عام رجحان استدلال کی طرف تھا۔ مسئلہ توحید میں آپ کو شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی کی روش زیادہ پسند تھی (یعنی آپ بھی وحدت الوجود کے قائل تھے) میں اس مسئلہ کا تذکرہ آئندہ صفحات میں تفصیل سے کروں گا۔

اب ان کرامتوں کا تذکرہ کرنا ہے جو حضرت سے ظاہر ہوئیں اور اس ضمن میں تصرفات کا بھی ذکر آئے گا۔ یوں تو آپ سے بے شمار کرامتیں ظاہر ہوئیں، مگر میں صرف دو چار ہی کا ذکر کروں گا، یہ سب میرے ذاتی مشاہدے ہیں اور انھیں مجھ سے عمر میں بڑے لوگوں نے بھی دیکھا ہے۔

---

(۱) ایک سہ پہر آپ کی ملازمہ سالن بنا رہی تھی، آپ نے فرمایا بارش ہونے والی ہے۔ ملازمہ نے کہا میاں آسمان پر بادل کا ٹکڑا نظر نہیں آتا اور نہ

Marfat.com

کہیں آندھی کے آثار ہیں ۔ ابھی وہ کہہ رہی تھی کہ فوراً ابر نمودار ہوا اور دیکھتے دیکھتے موسلا دھار بارش ہونے لگی، ہلدی وغیرہ سل سے بہہ کر پانی میں بہنے لگی اور سارا مسالہ صاف ہو گیا۔

(۲)

ایک دن ایسا ہوا کہ موذن نے مغرب کی اذان دی، آپ نے فرمایا آج نماز صحن کے بجائے دالان میں پڑھی جائے اور اندر بھی کہلوا دیا کہ چارپائی وغیرہ ہٹا لی جائیں، نوکروں کو اب بھی پس و پیش تھا۔ لیکن آپ کے حکم کی تعمیل ضروری تھی، آپ تو یہ حکم دیکر نماز میں مصروف ہوئے اور ادھر اس قدر بارش ہوئی کہ جل تھل ایک ہو گئے۔

(۳) میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ ایک بار ساتویں یا دسویں محرم کو حضرت امام حسین علیہ السلام و حضرت امام حسن علیہ السلام کی نیاز کا شربت تیار کیا گیا۔ فاتحہ کے بعد شربت تقسیم کر دیا گیا، کچھ بچ رہا۔ اتفاق سے آپ ادھر سے گزرے آپ کے پیر کی ٹھوکر سے شربت گر گیا، والدہ ناراض ہو کر فرمانے لگیں۔ واہ صاحب آپ نے سارا شربت ہی گرا دیا، اب مجھے دوبارہ تیار کرنا پڑے گا۔ آپ نے ناراض ہو کر جواب دیا، دیکھئے کہیں شربت گرا بھی ہے۔؟

Marfat.com

میرے بھائیوں نے بھی دیکھا اور خود والدہ صاحبہ کو نظر آیا کہ گرا ہوا شربت زمین سے اٹھکر کنستر میں سما گیا

(۴)

قاعدہ ہے کہ اولیاء اللہ کے بھی دشمن ہوتے ہیں، چنانچہ چند حاسدوں نے بلا وجہ آپ کے خاندان والوں پر جادو کرایا، تقریباً دو بجے رات کو آپ نے کشف سے معلوم کر لیا کہ گھر والوں پر سحر کیا گیا ہے، آپ نے چھوٹے بڑے سب گھر والوں کو بیدار کیا، پھر فرمایا کہ با وضو ہو کر میرے قریب آجاؤ۔ سب نے تعمیل ارشاد کی آپ صبح صادق تک قرآن مجید کی آیتیں اور رد سحر کی دعائیں پڑھ پڑھ کر دم کرتے رہے، صبح کی نماز کے بعد فرمایا کہ فلاں شخص نے جادو کیا تھا لیکن خدا کے فضل سے اس کا حربہ کامیاب نہ ہو بلکہ وہ جادو جادوگر کو لے ڈوبا اور اس کی اولاد کے آگے آیا

(۵)

دارا گنج کے راستہ میں ایک محلہ ہے مٹھی گنج حضرت والا جب بھی دراگنج تشریف لے جاتے مٹھی گنج راستہ میں پڑتا وہیں ایک رنگ ساز رہتا تھا۔ اس سے یاد اللہ تھی۔ بد قسمتی سے رنگ ساز برص کے موذی مرض میں مبتلا ہوگیا، آپ نے ایک بار فرمایا - میاں اپنا علاج کیوں نہیں کراتے۔ اس نے عرض کیا غریب پرور یہ تو لاعلاج مرض ہے۔ فرمایا۔ اچھا کسی صاف برتن میں میرے پاس پانی رکھوا دینا

Marfat.com

خاص اس وقت جب میں اشراق کی نماز پڑھتا ہوں، اس نے ایسا ہی کیا، آپ نے آیاتِ شفا پڑھ کر دم کیا، اس غریب نے کچھ پی لیا اور باقی پانی اپنے داغوں پر مل لیا۔ چالیس دن گزرے ہوں گے کہ وہ رنگ ساز خاصہ بھلا چنگا ہوگیا اور اس کے برص کے نشانات ہمیشہ کے لیے مٹ گئے۔

(۶)

ایک سال قحط پڑنے کا اندیشہ تھا بارش نہیں ہوری تھی، اسی زمانہ میں ایک مجذوب جسے لوگ میوہ لال کہتے تھے، عوام دعا کرانے گئے، اس نے پہلے تو ٹالا پھر بولا خدا نے چاہا تو دوشنبہ کو پانی برسے گا، اب کچھ لوگ حضرت والا کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ نے فرمایا خدا کی رحمت کے منتظر رہو، انشاءاللہ جمعرات کو بارش ہوگی۔

چنانچہ ایسا ہی ہوا، دوشنبہ کو بوندا بوندی ہو کر رہ گئی اسکے بعد جمعرات کو موسلا دھار بارش ہوئی۔

(۷)

مصطفےٰ آباد جسے عوام دارا گنج کہتے ہیں راجہ ٹکیٹ رائے کے دھرم شالے کے متصل گنگارام نامی ایک ہندو رہتا تھا۔ یہ راجہ ٹکیٹ رائے کے نائب کی اولاد میں تھا۔ ایک بار وہ حضرت کی محفل میں آیا، حضرت نے اس پر ایک نگاہ ڈالی اور وہ شرف باسلام ہوگیا۔ آپ نے اس کا اسلامی نام عبداللہ

Marfat.com

رکھا، شیخ عبداللہ بڑے مرتبہ کو پہونچے، انھوں نے ساری عمر حضرت کے قدموں میں گذار دی، اور اد واشغال جو اس خاندان عالی میں رائج تھے اس کی تعلیم شیخ صاحب کو دی گئی انکا بس یہی مشغلہ تھا کہ شب وروز عبادت اور اذکار واوراد میں معروف رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں دوبار حج وزیارت کی سعادت عطا فرمائی۔ ایک بار ۱۲۷۵ ہجری میں میرے ساتھ۔ دوسری بار غالباً ۱۲۸۵ ہجری میں تن تنہا۔ تیسری بار بھی ارادہ ہے۔ شاید اس بار ہجرت کا بھی عزم ہے۔ ان کی عمر تقریباً ۷۰ سال ہوگی۔ میرے غریب خانہ پر ہی قیام ہے۔ آپ کا شمار حضرت والا کے جلیل القدر خلفا میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو حج وزیارت کی سعادت نصیب فرمائے۔

(۸)

شیخ عطاء اللہ کٹڑے کے رہنے والے تھے، اور حضرت کے دست گرفتہ، آپ کے خاص نیازمندوں میں ان کا شمار تھا۔ ایک بار انھوں نے عرض کیا۔ پیرو مرشد کیا عرض کروں میرا نام کسی نے مقدمہ میں گواہ کی حیثیت سے لکھا دیا ہے میری طبیعت گوارا نہیں کرتی کہ میں انگریزی عدالت میں جاکر خانۂ شہادت میں کھڑا ہوں آپ کچھ ایسی دعا فرمائیں کہ میرا وہاں کا جانا رک جائے۔ ساتھ ہی ساتھ میں یہ عرض

Marfat.com

کیوں کہ میری عدم حاضری سے مقدمہ پر کوئی خراب اثر نہ پڑے گا۔ اس مقدمہ میں میرے علاوہ دوسرے گواہ بھی ہیں۔ حضرت نے دعا فرمائی آخر کار عدالت نے شیخ صاحب کی حاضری معاف کردی۔

(۹)

میری خاندانی جائداد کا ایک مقدمہ بنارس کی عدالت میں پیش تھا اپنی طرف سے برادر معظم جناب سید شاہ علی حسن مرحوم پیروی کررہے تھے اسی زمانہ میں ایک شب آپ نے مراقبہ سے سر اٹھایا اور تین بار فرمایا خاتمہ بالخیر تیسرے دن بھائی صاحب مرحوم کا خط آیا کہ اللہ تعالیٰ نے مقدمہ میں کامیابی عطا فرمائی۔ اسی وقت ہم سمجھے کہ خاتمہ بالخیر کا مدعا کیا تھا سچ ہے۔ قلندر ہرچہ گوید دیدہ گوید

(۱۰)

ایک بار حضرت مراقبہ سے جیسے ہی فارغ ہوئے، عطر بیز ہوا کا ایسا جھونکا آیا کہ حاضرین محفل درود شریف پڑھنے لگے۔ حضرت شاہ حبیب اللہ محب الہی نے ایک بار اس کرامت کا تذکرہ اپنے مریدوں سے کیا تھا خود مجھے بھی اس کرامت کا علم آپ ہی کے ذریعہ ہوا

(۱۱)

اکثر آپ کے لباس اور پسینے سے خوشبو کی لپٹیں آیا کرتی تھیں آپ

Marfat.com

کی مسند اور کلاہ مجھے تبرکاً ملی تھی۔ جب بھی پٹارا کھولنے کا اتفاق ہوا ہمیشہ خوشبو سے لبریز پایا۔ میں یہی سمجھتا ہوں کہ ان ہی چیزوں کی برکت سے میرا بکس کیڑوں سے خالی نہیں رہا۔

فصل سوم و چہارم ـــ
آپ کی طالب علمی و جانشینی کا تذکرہ

حضرت والا نے اپنی طالب علمانہ زندگی کی ابتدا اپنے والد علام سے کی سب سے پہلے آپ نے حضرت سے قرآن شریف پڑھا۔ پھر دوسرے اساتذہ سے فارسی اور دینیات کا درس لیا۔ حضرت والا کے والد ماجد حضرت شاہ رفیع الدین قدس اللہ سرہ اپنے وقت کے خدا رسیدہ بزرگ تھے۔ بہت جلد انھوں نے فیصلہ کیا کہ اب خاندانی نسبت منتقل کرنے کا وقت آگیا ان کی ایک نگاہ کیمیا اثر کا کرشمہ اور نسبت اشراقیہ کا یہ ایک جلوہ تھا کہ آپ کا سینہ آئینہ کی طرح چمکنے لگا اور آپ کسی کے جمال جہاں آرا کے نظاروں میں اتنے محو ہوئے کہ دنیا کی ساری لذتیں اس کے آگے ہیچ ہو گئیں۔

بہت جلد آپ نے معرفت و سلوک کے مراحل طے کر لیے، اور عشق حقیقی میں مانند شمع گھلنے لگے۔

Marfat.com

جذب کا یہ عالم تھا کہ دنیا کی ہر چیز ترک کر دی، فقیرانہ لباس اور درویشانہ انداز اختیار کیا۔ لیکن تسکین نہیں ہوئی۔

ع ۔ اک آگ سی ہے سینے کے اندر لگی ہوئی۔

اسی عالم میں وطن کو خیرباد کہا، سیاحت اور درویشی اختیار کی بلاکشاں محبت، کوئے یار روند، دریا پہاڑ کی خاک چھانی، جہاں کہیں بھی وجد وحال کی محفل ہوتی کشاں کشاں پہونچتے۔

اسی مستی کے عالم میں لکھنؤ جانے کا اتفاق ہوا۔

ع "مستی بیرم زسرتا پا مرا رندانہ کرد"

ایک روز دور کہیں کوئی کنگریا چکارا بجا رہا تھا، اس نغمہ زار کا آپ پر یہ اثر ہوا کہ آپ ——— مجسم کیف ومستی ہو گئے اور زبان حال سے فرمانے لگے۔

"از کجا می آید ایں آواز دوست"

یہ کیفیت تمام دن رہی کنگریا جہاں جہاں گیا، آپ خود فراموشی کے عالم میں اس کے ساتھ ساتھ رہے۔ اس موقعہ پر یہ شعر آپ کے حسب حال تھا۔ ؎

کسانیکہ یزداں پرستی کنند — بآواز دولاب مستی کنند

بالآخر یہ سفر ختم ہوا، آپ نے پھر وطن کی صورت دیکھی۔ درِ دولت پر

Marfat.com

حاضر ہو کر والد ماجد کے قدموں پر سر رکھدیا۔ اور آپ کے پدر بزرگوار کو حق کا ہر لمحہ یاد خدا میں وقف تھا۔ اور حق کا ہر فعل سرور کائنات کے اسوہ حسنہ کی نقل تھا، آپ کی یہ ادا پسند نہ آئی، انھوں نے آپ سے ساری نسبتیں سلب کرلیں۔ اب کیا تھا، ایک افسردگی کا عالم تھا، وہ سارا جذب و شوق ختم ہو گیا۔ زبان حال سے شکایت کی جس کا جواب ملا ہے

وہ تو ملتا ہے ارے دل کم ظرف　　　تجھ کو ملنے کا حوصلہ نہ ہوا

کچھ دنوں تک یہ کیفیت رہی آخر آپ کے والد ماجد کو آپ کی بیقراری پر رحم آیا۔ اور زبان فیض ترجمان سے فرمایا کہ منزل جاناں قریب ہی ہے چندے توقف کرو اسی زمانہ میں فرمان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی تعمیل میں آپ کی شادی خانہ آبادی ہوئی۔ گھر بار کی ذمہ داری آپ کو اٹھانی پڑی۔ یہ سب کچھ تھا مگر خمار اب بھی باقی تھا، اور آپ تشنہ توجہ بدست تھے آخر پیر و مرشد پدر عالی مقام نے دوبارہ توجہ دی۔ وہ ساری نعمتیں اور امانتیں جو اس خاندان عالی شان سے منتقل ہوتی چلی آئی تھیں، آپ کو عطا کردیں۔ چنانچہ آپ کی ذات سے فیض کا وہ دریا جاری ہوا جس کی نظیر نہیں۔

آپ کے جد امجد قدس سرہ کا آپ پر خاص کرم تھا۔ رفتہ رفتہ آپ فنا فی اللہ کے مرتبہ پر پہنچ گئے۔

Marfat.com

ہمت او ہر خرف ذرا او زکنند　　　حکمت او ہر تہی را پُر کنند

حالت یہ تھی کہ رؤیں رؤیں سے آواز نفی واثبات کی سنی جاتی تھی، میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ آخر عمر میں آپ کسی کی گفتگو کانوں کو بند کئے بغیر سن نہیں سکتے تھے۔ میں نے عرض کیا حضور والا اس کا کیا سبب ہے کہ آپ کسی کی گفتگو سنتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے کان بند کرلیتے ہیں، فرمایا ہر وقت میرے کانوں میں صدائے الا اللہ گونجتی رہتی ہے اس لئے کان بند کرنے پڑتے ہیں سہ

سر دیں مارا خبر او را نظر　　　ما دروں خانہ او بیروں در

آپ کی ذات قدس صفات، شمع ازل کا پروانہ تھی آپ نے اپنی ذات کو فنا کردیا تھا۔

اے مرغ سحر عشق زپروانہ بیاموز　　　کاں سوختہ را جاں شد و آواز نیامد

آپ کے پیر و مرشد علوم ظاہری میں بھی دخل رکھتے تھے، انھوں نے علم طب پایۂ تخت دلی میں حاصل کیا۔ اور اس میں انھیں ایسا کمال حاصل تھا کہ اس زمانہ میں مسیح الملک آپ ہی کو سمجھا جاتا تھا۔ آپ کا ایک مشہور واقعہ ہے جس سے آپ کی طبی مہارت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ایک بار مریدین اور معتقدین کے جھرمٹ میں آپ اپنی آبائی نشست گاہ پر تشریف فرما تھے　دریائے جمنا سے اشنان کرکے اور اپنے دستور کے مطابق

Marfat.com

پیشانی پر ٹیکہ لگائے ایک ہندو واپس آرہا تھا۔ اتفاق سے وہ آپ کے در دولت سے ہو کے گذرا۔ اچانک آپ کی نگاہ اس کے چہرے پر پڑی آپ نے حکم لگایا کہ گھر پہونچتے پہونچتے یہ شخص زندہ نہ بچے گا جب یہ عجیب وغریب پیشین گوئی آپ نے فرمائی تو اس کو دیکھنے کے لئے دو مریدین نے اس شخص کا پیچھا کیا، خدا کا کرنا کچھ ایسا ہوا کہ وہ شخص گھر کی دہلیز میں داخل ہوا۔ بھیگی ہوئی دھوتی چارپائی پر پھیلادی اور خود چارپائی پر دراز ہوا اور دیکھتے دیکھتے مر گیا۔ ع

اجل کیا ہے خمار بادۂ ہستی اتر جانا

دونوں مرید گھر سے ذرا دور یہ تماشہ دیکھ رہے تھے۔ اچانک اس ہندو کی ماں اندر سے آئی اور اپنے لڑکے کو آوازیں دینے لگی۔ مگر اب وہاں کیا رکھا تھا۔ صدائے برنخواست "ماں رو رو کر جان دینے لگی اور اشکوں سے منہ دھونے لگی، دونوں مرید وہاں سے اس خیال سے چلے آئے کہ مبادا اس اچانک موت پر محلہ والے انھیں کو مورد الزام ٹھہرادیں، بہرحال وہ دونوں آپ کی خدمت میں پہونچے اور سارا واقعہ بیان کیا ساتھ ہی ساتھ یہ بھی دریافت کیا کہ حضور والا ہماری حیرت کو آپ ہی رفع کریں۔ یہ معمہ سمجھ میں نہیں آیا۔ آیا آپ نے یہ پیشین گوئی بحیثیت ایک ولی کے فرمائی یا بحیثیت طبیب کے آپ نے فرمایا کہ اس وقت تو میں نے علم طب کی رو سے یہ بات کہی تھی اس

Marfat.com

اس کی وجہ کیا تھی وہ بھی سنو۔ واقعہ یہ تھا کہ وہ جمنا سے چل کر آیا تھا اور اس کا قشقہ اتنا وقت گذرنے کے بعد بھی خشک نہ ہوا تھا۔ حالانکہ جمنا یہاں سے پون میل ہے میں نے محسوس کیا کہ اس کی حرارت عزیزی ختم ہو چکی ہے۔ جیسے ہی یہ شخص کہیں بیٹھے گا اس کی روح پرواز کر جائے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

آپ کی کرامتیں اگر جمع کی جائیں اس کے لیے دفتر درکار ہے۔ مشتے نمونہ از خروارے۔ چند کرامتیں صرف اس لئے لکھ رہا ہوں کہ آئندہ نسلوں کے سینہ میں نیک بننے کی امنگ پیدا ہو۔ ع

"گاہے گاہے باز خواں ایں قصۂ پارینہ را"

ایک بار حضرت والا کے مریدین با اخلاص جمع تھے، آپ نے وضو کے بعد دوبارہ وضو فرمایا اور پانی کا آفتابہ لے کر چند قدم چلے جیسے کسی کتے کو ڈانٹ رہے ہیں اور پانی کو اس انداز سے پھینکا جیسے پتھر پھینکا جاتا ہے۔ اس کے بعد تشریف فرما ہوئے کسی کی ہمت نہ ہوئی جو حقیقت حال دریافت کرتا۔ ابھی چند ہی بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ کا ایک مرید حاضر خدمت ہوا اور دست بستہ تسلیمات عرض کرنے کے بعد یوں عرض پرواز ہوا کہ اگر سرکار خدا کے حکم سے دستگیری نہ فرماتے تو بھیڑئیے مجھے ہلاک ہی کر دیتے اس وقت حاضرین محفل کو حقیقت حال کا پتہ چلا۔

Marfat.com

(۲) ایک مرتبہ آپ حجرۂ مبارک میں نماز میں مشغول تھے کہ کہیں سے کوئی شامت زدہ چور آگیا۔ خدا کی قدرت جیسے ہی وہ داخل ہوا اس کی آنکھوں کی بصارت زائل ہونے لگی۔ سبحان اللہ گئے تھے چوری کرنے الٹی آنتیں گلے پڑیں۔ آپ نے فرمایا کہو میاں کیا حال ہے۔ اس نے عرض کیا حضور والا میں چوری کی نیت سے آیا تھا۔ یہاں یہ افتاد پڑی دعا فرمایئے میری آنکھوں میں روشنی آجائے۔ آپ نے فرمایا پہلے وعدہ کرو کہ آئندہ میرے گھر میں یا میری اولاد کے گھروں میں چوری نہ ہو گی۔ اس نے صدق دل سے یہ وعدہ کیا۔ آپ کی دعا سے اس کی آنکھوں میں روشنی آگئی۔

آپ نے فرمایا جاؤ اپنی راہ لو

دوستاں را کجا کنی محروم
تو کہ با دشمناں نظر داری

(۳)

عہد سلطنت نواب وزیر میں عام بدامنی کی بنا پر اقتصادی بدحالی حد سے گذر چلی تھی۔ حکومت کا خزانہ خالی ہو رہا تھا۔ اسی لئے حکومت معافیاں ضبط کر رہی تھی۔ اسی لپیٹ میں حضرت والا کا علاقہ آگیا اُسے بھی سلطنت اودھ نے ضبطی میں لے لیا۔ اور ایک سال آپ کو آپ کے علاقہ سے آمدنی کچھ نہ ہوئی۔ اتفاق سے حکومت کا ایک بڑا عہدیدار دورہ کرتا ہوا الہ آباد پہنچا۔ اور ایک دن صرف حضرت کے جمال جہاں آرا

Marfat.com

کا مشتاق ہو کر خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ کچھ دیر رسمی باتیں ہوتی رہیں اثنائے گفتگو میں آپ نے شکایتاً فرمایا کیوں صاحب میرا علاقہ بھی حکومت کی ہوس کا شکار ہو گیا۔ یہ کہہ کر جوں ہی اس کے زانو پر ہاتھ رکھا وہ کرسی سے نیچے آگیا۔ (آپ کی عادت تھی کہ گفتگو کے وقت اپنے مخاطب کے زانو پر ہاتھ رکھکر بات کرتے تھے)۔ اس عالم میں آپ نے فرمایا، پروانۂ واگذاری پر دستخط کر دو۔ اس پر آپ کی ایسی ہیبت طاری تھی کہ اس نے سر نہ اٹھایا۔ اسی حالت میں قلمدان طلب کیا ؎

ہیبت ایں مرد صاحب دلق نیست ہیبت حق است ایں از خلق نیست

پروانہ پر اپنے دستخط ثبت کیے۔ پھر حضرت والا سے رخصت چاہی، اور اپنے ڈیرہ پر واپس آیا۔ ماتحت افسروں نے عرض کیا۔ سرکار یہ کیا ماجرا تھا۔ آپ ایک بوریہ نشین فقیر سے کیسے مرعوب ہو گئے۔ حد یہ کہ زمین پر بیٹھ کر آپ نے فرمان پر دستخط کیے۔ اس نے کہا اگر خدانخواستہ حضرتِ والا کے حکم سے سرتابی کرتا تو شیر مجھے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے افسروں نے حیرت سے پوچھا، حضور! شیر! اس نے کہا، تم کیا جانو جس وقت حضرت والا نے اپنی آستین الٹیں اس میں سے دو شیر آموجود ہوئے اور مجھ پر حملہ کرنے کا قصد کیا۔ اس عالم میں سوائے تعمیل حکم کے مجھ سے کچھ نہ بن سکا۔ ابھی دستخط سے فارغ ہوا تھا کہ وہ دونوں شیر نظروں سے غائب

Marfat.com

ہو گئے اور میں دوبارہ کرسی پر بیٹھ سکا۔ ان افسروں نے جو گورنر کے پاس تھے گورنر کے قول کی تصدیق کی ؎

قلندراں کہ بتسخیر آب و گل کوشند بشاہ تاج ستانند و خرقہ می پوشند

حضرت شاہ رفیع الزماں رحمۃ اللہ علیہ نے سلسلۂ قادریہ اپنے خال محترم حضرت مولانا محمد قائمؒ سے حاصل کیا تھا اور انھوں نے یہ سلسلہ اپنے والد نامدار حضرت مولانا شاہ عبداللطیف سے شروع کیا تھا۔ پورا شجرہ مندرجہ ذیل نقشہ سے واضح ہو سکے گا۔

۱۔ سرور کائنات جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم،
۲۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ،
۳۔ سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام،
۴۔ حضرت امام علی زین العابدینؒ
۵۔ حضرت امام محمد باقرؒ،
۶۔ حضرت امام جعفر صادقؒ،
۷۔ حضرت امام موسیٰ کاظمؒ،
۸۔ حضرت امام علی رضاؒ،
۹۔ حضرت معروف کرخیؒ،
۱۰۔ حضرت سری سقطیؒ

Marfat.com

۱۱۔ حضرت جنید بغدادیؒ
۱۲۔ حضرت شیخ شبلیؒ
۱۳۔ حضرت عبدالواحد یمنیؒ
۱۴۔ حضرت ابوالفرح طرطوسیؒ
۱۵۔ حضرت ابوعلیؒ
۱۶۔ حضرت شیخ ابوسعیدؒ
۱۷۔ حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ
۱۸۔ حضرت نجیب الدینؒ
۱۹۔ حضرت شہاب الدینؒ
۲۰۔ حضرت بہاء الدینؒ
۲۱۔ حضرت ابوالفضل صدرالدینؒ
۲۲۔ حضرت خواجہ ابوالفرح رکن الدینؒ
۲۳۔ حضرت جلال الدین بخاریؒ
۲۴۔ حضرت قوام الدین صادقؒ
۲۵۔ حضرت خواجہ قوام الدین عاشقؒ
۲۶۔ حضرت خواجہ مبارکؒ
۲۷۔ حضرت شاہ محمودؒ

Marfat.com

۲۸۔ حضرت سلطان قاسمؒ

۲۹۔ حضرت راجو محمد جونپوریؒ ۳۰۔ حضرت شاہ عبداللطیف

۳۱۔ حضرت مولانا سید شاہ محمد قائمؒ

۳۲۔ حضرت شاہ سید رفیع الزماںؒ (قطب وقت)

حضرت شاہ رفیع الزماں رحمۃ اللہ علیہ کے جد نامدار قطب الاقطاب حضرت مولانا سید شاہ عبد اللطیفؒ نجیب الطرفین سید تھے، آپ کا شمار الہ آباد کے شہرۂ آفاق بزرگوں میں ہوتا ہے۔ شہنشاہِ ہندوستان اکبر اعظم کے عہد میں آپ بنگال کے طرفدار (جاگیر دار) تھے۔ یکایک آپ کی قسمت کا ستارہ چمکا اور تائید غیبی آپ کے شامل حال ہوئی یعنی جونپور کے مشہور بزرگ حضرت راجو محمد کی نگہ انتخاب آپ پر پڑی اور آپ نے ملکہ اشرافیت سے آپ کے آئینۂ دل کو چمکا دیا ؎

شاہ اشرف کہ او ز نیم نگاہ ۔۔۔ خاک را زر کند گدا را شاہ

پیر و مرشد کے فیض صحبت سے حکومت اور ریاست سے طبیعت ہٹی درویشی اور فقیری کا دور دورہ شروع ہوا۔ اور جھی پور میں خانقاہ (دائرہ) کی داغ بیل ڈالی۔

سالہا سال کی ریاضت اور عبادت رنگ لائی۔ آپ کو قطبیت عظمیٰ کا منصب عالی تفویض ہوا۔ صدہا تصرفات اور کرامات آپ سے صادر ہونے لگیں۔

Marfat.com

ع یہ رتبۂ بلند ملا جس کو مل گیا

یہ حکایت سننے کے لائق ہے کہ ایک بار ایک غیر مسلم خدمت والا میں حاضر ہوا۔ یہ شخص ہندو مذہب سے تعلق رکھتا تھا۔ اور کیمیا گری اس کا پیشہ تھا۔ چونکہ آپ کی خانقاہ میں مذہب وملت کی کوئی قید نہ تھی۔ اس ہندو کی بھی خاطر ہوئی۔ اور آپ کی فیاضی اور سیر چشمی نے اس کا دل موہ لیا۔ رخصت ہوتے وقت اس نے ایک حقہ ناریل نذر کیا۔ اس ناریل میں اکسیر بھری ہوئی تھی۔ آپ نے دریافت فرمایا اس میں کیا ہے۔ عرض کیا۔ اکسیر ہے۔ حضور نے اگر شرف قبول بخشا تو ہم چشموں میں عزت افزائی کا باعث ہوگا۔ آپ نے ناریل لیکر دیوار پر مار دیا۔ ناریل دو ٹکڑے ہوگیا۔ اور ساری اکسیر بہہ گئی۔ ہندو نے حیران ہو کر عرض کیا۔ حضور والا یہ قابل قبول نہ تھی تو برباد کرنے سے کیا فائدہ کہ مس خام کو کندن بنانے میں کتنے پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔ پہلے مس فراہم کی جاتی ہے۔ پھر اسے تپایا جاتا ہے۔ پھر اکسیر کی مدد سے۔ عیار خالص بنتا ہے۔ کسی کے پاس اتنا وقت کہاں ہے اور اس صبر آزما مرحلہ سے کون عہدہ برآ ہو سکتا ہے۔

ع عاشقی صبر طلب اور تمنا بیتاب

اسکے بعد آپ نے اس ہندو سے ایک مٹی کا ڈھیلا طلب کیا۔ اس نے حکم کی تعمیل کی۔ آپ نے اس ڈھیلے پر نگاہ ڈالی وہ ڈھیلا سونے کا ڈلہ بن گیا

Marfat.com

فرمایا اسے لیجاؤ اور یہ تمہارا زاد سفر ہے۔ ہندو نے قدرت خداوندی کا مشاہدہ کیا۔ حیرت زدہ ہوا اور اپنی راہ لی۔

حضرت سید شاہ عبداللطیف قدس اللہ سرہٗ کی تصنیفات میں ایک مختصر سی کتاب توحید کے موضوع پر آپ کی یادگار ہے۔ اس کتاب کو میرے خاندان کا ہر فرد حرزجاں بنا کر رکھتا ہے۔ خود حضرت والا بھی بجز معتقد خاص یا مرید بااخلاص کے کسی دوسرے کو اس کے دیکھنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ یہ کتاب اگرچہ بہت ہی مختصر ہے۔ مگر علمی مشکلات کے حل کرنے کے لئے خضر راہ کا کام دیتی ہے۔

حضرت ممدوح کی شخصیت بڑی بارعب تھی چہرہ سے جلال نمایاں تھا کسی کی ہمت نہیں ہوتی تھی کہ آپ کو نظر بھر کر دیکھ سکے۔ جب آپ مکان تشریف لاتے چھوٹے بڑے دم بخود ہو جاتے۔ ایک بار آپ گھر میں تشریف فرما تھے صاحبزادہ والا قدر مولانا محمد قائم اس وقت دسترخوان پر تھے۔ اتفاق سے آپ کی نگاہ پڑ گئی۔ آپ نے صاحبزادے سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ بیٹے علم کی لذت سے بھی آشنا ہو۔ یہ سنکر صاحبزادے کا حال یہ کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں۔ جواب کیا دیتے خاموش رہے، اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت والا کو منصب سجادگی کی بنا پر خانقاہ میں آئے ہوئے مریدین کی اصلاح و تربیت سے فرصت ہی نہیں ملتی تھی۔ گھر کی خبر کون

Marfat.com

لیتا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اولاد کی تعلیم کی طرف توجہ نہ ہو سکی۔ اور جناب مولانا محمد قائم کا بچپن یوں ہی گذر گیا اور جوانی کی سرحدیں شروع ہو گئیں ہنوز آپ زیور علم سے آراستہ نہیں ہوئے تھے۔ صاحبزادہ کی خاموشی نے آگ پر تیل کا کام کیا اور آپ نے انتہائی غصہ کے عالم میں صاحبزادہ کی طرف رخ کیا اور انھیں گرا کر ان کے سینے پر بیٹھ گئے اور مکرر اپنا سوال دہرایا کہ عمر عزیز کیوں ضائع کرتے رہے۔

عزت یوسف ہے یہ وقت عزیز میراں کو رائگاں کھوتا ہے۔ کیا

حضرت والا کے اس قہر کے انداز سے صاحبزادہ کی جان پر بنی تھی اور گھر میں کسی کی مجال نہ تھی کہ وہ قریب آ کر صاحبزادہ کو چھڑا سکے۔ آخر ایک کنیز نے باہر جا کر مریدوں کے حلقہ میں فریاد کی صاحبو صاحبزادہ کی جلد خبر لو ورنہ آج اعلیٰ حضرت کے ہاتھوں ان کا بچنا مشکل ہے۔ ایک بہت ہی خاص مرید فریاد سن کر خاص محل تک پہونچا بیبیوں سے پردہ کرنے کو کہا حضرت والا کو بڑے ادب سے آپ کے سینے سے ہٹایا۔ اور عرض کیا حضور اب درگذر فرمائیں۔ آئندہ صاحبزادے علم سے بے توجہی نہیں برتیں گے۔ آخر حضرت والا صاحبزادہ کے سینہ سے اترے اور دیوان خانہ جا کر تشریف فرما ہوئے۔ صاحبزادہ کو دیکھا گیا تو نبض چل رہی تھی بہر حال تین دن ایک خاص طریقہ علاج سے ان کے بدن میں گرمی

Marfat.com

پہنچائی جاتی رہی (آرمینیا میں ایک خاص قسم کی گھاس ہوتی ہے جسے پوس کہتے ہیں، ہندوستان میں جیسے آبریشم ہوتا ہے اس گھاس کو کوٹ کر اس کی شاخیں بنا کر مریض کے سینہ اور پیٹ پر باندھتے ہیں چنانچہ آبریشم سے ان کے سینہ اور پیٹ کو محفوظ کر دیا گیا) آخر کار حرارت غریزی اپنے معمول پر آگئی تیسرے دن افاقہ ہوا اور آپ نے اشارے سے پیشاب کرنے کے لیے کہا تیسرے دن پیشاب کرنے کے بعد پھر بیہوش ہو گئے دوبارہ ہوش آنے کے بعد اصل علاج شروع ہوا۔ دل و دماغ کی طاقت کی دوائیں استعمال کرائی گئیں۔ اس واقعے کے تقریباً چالیس دن بعد آپ نے غسل صحت کیا اور طلب علم کی خاطر گھر سے بے گھر ہوئے کتاب بغل میں دابی اور چل دیئے ۔

چلی ہے لے کے فرنگ کے نگار خانے میں بہ شراب علم کی لذت کشاں کشاں مجھکو

.... ہندوستان میں جونپور علم کا مرکز تھا آپ نے بھی وہیں کا قصد کیا وہاں پہنچ کر آپ نے اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کا ثبوت دیا اور بہت جلد آپ کی ذہانت اور قابلیت کے جوہر کھلنے لگے۔ جونپور کے ممتاز ترین علماء میں آپ کا شمار ہونے لگا تھا۔ اگرچہ آپ فارغ التحصیل ہو چکے تھے۔ اور آپ کے اساتذہ آپ سے مطمئن تھے مگر آپ نے درس کا سلسلہ جاری رکھا کچھ نہ کچھ پڑھتے پڑھاتے رہتے آپ

Marfat.com

کے خاص استاد نے بھی آپ سے فرمایا کہ اب تمہیں پڑھنے کی ضرورت نہیں
جب اصرار حد سے بڑھا تو آپ نے جونپور کو خیرباد کہا۔ دہلی پہنچے۔ طالب علم
کی قابلیت کا امتحان اور اس کی سمجھ داری کا بھرم اس عہد کے دستور کے
مطابق محفل مناظرہ میں کھلتا تھا۔ مولانا محترم بھی اس آزمائش سے
گزرے اور سرخ رو ہو کر نکلے۔ دہلی کے بعد لکھنؤ شمالی ہند کا علمی مرکز تھا
فرنگی محل کی دھاک جمی ہوئی تھی۔ آپ نے بھی لکھنؤ کا قصد کیا۔ لکھنؤ کے
مشاہیر علماء سے آپ کے مناظرے ہوئے، خدا کا فضل شامل حال تھا۔
یہاں بھی ہر محفل میں آپ ہی شمع محفل تھے۔ اور آپ ہی کے دستار پر
علم و دانش کی کلغی سجتی رہی۔ کچھ دنوں کے بعد لکھنؤ سے بھی روانگی کا قصد
کیا اور وطن کی راہ لی۔ راہ میں پرگنہ چائل پڑا۔ اسی پرگنہ میں ایک موضع
ہے عالم چند۔ جب وہاں پہنچے تو دیکھا کہ نواب نجف خان بھی وہیں پڑاؤ ڈالے
ہوئے ہیں ۔

منعم بہ کوہ و دشت بیاباں غریب نیست
ہر جا کہ رفت خیمہ زد و بارگاہ ساخت

تھکن کی وجہ سے آپ کو تشنگی محسوس ہوئی۔ نواب صاحب کے ملازم
کو دیکھا کہ خیمہ کے دروازے پر کھڑا ہے جا کر پانی طلب کیا۔ اس نے بے اعتنائی
برتی (یا یوں کہیے رعونت دکھائی) پانی کو ترسایا۔ آپ پر اس بات کا بڑا اثر ہوا

Marfat.com

اپنی غریب الوطنی اور بے مائگی کا شدت سے احساس ہوا۔ موقع کے مناسب اشعار پڑھکر اپنے جذبات کا اظہار کیا اور آگے بڑھ گئے۔ اشعار ایک تو عربی وفارسی کے تھے، دوسرے بہت ہی پُر اثر تھے۔ اتفاق سے اس وقت نواب صاحب خیمہ کے اندر چہل قدمی میں مصروف تھے۔ نواب صاحب خود بڑے باذوق تھے۔ شعر وسخن کا اچھا مذاق رکھتے تھے اشعار سنکر پھڑک اٹھے، دربان کو حکم ہوا کہ جاکے آپ کو واپس لے آئے۔ لیکن آپ نے تشریف آوری سے انکار کیا۔ اب نواب صاحب نے بنفس نفیس خیمہ سے باہر آکر آپ کو آواز دی اور اپنا انتہائی اشتیاق ظاہر کیا۔ بالآخر آپ جب واپس آئے، نواب صاحب خیمہ کے اندر آپ کو لے گئے۔ ہاتھ منہ دھلوایا، دسترخوان بچھوایا نواب صاحب نے خود بھی آپ کے ساتھ ماحضر تناول کیا۔ دسترخوان اٹھ جانے کے بعد بڑی پر لطف محفل جمی جس میں زیادہ تر علمی مسائل زیر بحث رہے۔ نواب صاحب کا یہ عالم کہ وہ آپ کی ہمہ دانی پر حیران ۔ دل ہی دل میں آپ کی ذہانت وفطانت کی تعریف کرتے اور آپ سے ان کی گرویدگی بڑھتی ہی جاتی تھی۔ نواب جس مسئلہ کو چھیڑتے معلوم ہوتا کہ بس آپ کا یہی موضوع ہے۔ نواب صاحب پہلے ہی گرویدہ تھے۔ اس قابلیت اور ذہانت کو دیکھکر قربان ہو گئے۔ بڑے ادب سے عرض کیا کہ کاش علم وادب کی یہ محفل برقرار رہتی اور آپ یونہی چہکتے

Marfat.com

رہتے۔ اس سے بڑھکر کیا خوش نصیبی ہو سکتی ہے کہ میں بھی آپ کے دامان علم سے فیضیاب ہوتا۔ آپ نے فرمایا۔ مزید قیام میرے لئے ناممکن ہے اس کیلئے والد محترم کی اجازت ضروری ہے۔ نواب صاحب نے اسی وقت سواری کا حکم دیا اور صاحبزادہ محترم کو ساتھ لیتے ہوئے خانقاہ آسمان جاہ حضرت شاہ عبداللطیفؒ میں حاضر ہوئے۔ حضرت والا اس وقت مراقبہ فرمارہے تھے۔ صاحبزادہ صاحب آکر دست بستہ کھڑے ہوگئے ساتھ ہی ساتھ نواب صاحب بھی اسی ہیئت میں کھڑے رہے۔ حضرت والا قدر نے مراقبے سے سر اٹھایا تو صاحبزادہ صاحب کو موجود پایا۔ فرمایا میاں علم دین سے کچھ واقفیت حاصل ہوئی؟ عرض کیا کچھ علمی سوالات کریں خدا کی ذات سے امید ہے غلام ان کا جواب شافی دے گا۔ حضرت والا نے جس مسئلہ کو دریافت کیا صاحبزادہ صاحب نے بڑی شائستگی اور سلیقہ سے جواب دیا۔ کچھ دیر یہ امتحان ہوتا رہا۔ اس کے بعد کا منظر بہت ہی پر اثر تھا کہ باپ نے بیٹے کو گلے سے لگایا۔ پیشانی پر بوسہ دیا اور فرمایا

اب آنکھیں ہیں دو دو پہر بند

اس کے بعد فرمایا آپ کی تعریف، صاحبزادہ نے نواب صاحب کا تعارف کرایا ساتھ ہی ساتھ آنے کا مقصد بیان کیا۔ آپ نے یہ سنکر ارشاد فرمایا۔

Marfat.com

"فرزند فقیر کجا رود، نانِ جوین خوردن و بر زمین نشستن بہ است
که در خدمت سلطاں دست بستہ استادن"!

آپ کا یہ جواب آب زر سے لکھنے کے لائق ہے مطلب یہ ہے کہ اس فقیر بے نوا کا فرزند جگر بند دنیا طلبی کے لئے کہاں جائے گا۔ بادشاہوں کے سامنے دست بستہ کھڑے رہنے سے ہزار درجہ بہتر ہے کہ جو کی روٹی کھائی جائے اور فرش زمین پر سو کر زندگی کاٹ دی جائے۔

بہر حال آپ نے صاحبزادہ صاحب کو نواب صاحب کے ساتھ جانے کی اجازت نہیں دی۔ نواب صاحب بصد حسرت و یاس رخصت ہوئے۔[1]

حضرت شاہ عبداللطیف صاحب سلسلۂ قادریہ میں بیعت تھے صفائے قلب و نظر کی طرف آپ کی خاصی توجہ تھی۔ اسی طریقہ سے آپ کو فنافی اللہ کا رتبہ ملا۔ آپ یاد الٰہی کے خمار میں ایسے سرشار تھے کہ دنیا کو تج دیا۔ یاد خدا میں ہر چیز سے بے نیاز تھے۔ واقعی ولایت اس کو کہتے ہیں۔ آپ نے ولایت کی ساری منزلیں طے کر لی تھیں۔ بس آپ تھے اور شب و روز کی ریاضتیں اور مشقیں۔ اسی وجہ سے تصنیف و تالیف کی طرف بھی خاص توجہ نہ ہو سکی جیسا کہ گذشتہ سطروں میں لکھا جا چکا ہے۔

صاحبزادہ محترم کی تشریف آوری کو ابھی تھوڑا ہی عرصہ ہوا تھا کہ آپ کی علالت کا سلسلہ شروع ہوا اور اسی حالت میں یکشنبہ کا دن تھا

[1] حضرت شاہ محمد قائم کے نام موضع منور ہی کا فرماں معافی نواب نجف خاں ہی کے ذریعہ آیا تھا۔

جب آپ نے یہ خواہش کی کہ تمام عزیز واقارب نیز خلفا وغیرہ قریب آجائیں حکم کی تعمیل ہوئی۔ آپ نے فرداً فرداً ہر شخص کو ملاقات کا موقع دیا پھر یہ ارشاد ہوا کہ چند سانسیں ابھی باقی ہیں۔ میری تمنّا ہے کہ یہ قیمتی لمحے خدا کی یاد ہی میں بسر ہوں۔ دوسرے دن جمعہ تھا نماز کے بعد تقریباً تمام مریدین، معتقدین واعزہ کی باریابی ہوئی۔ آپ کے خاص اعزہ وخلفا موجود تھے اس وقت آپ نے بآواز بلند کلمۂ شہادت پڑھا پھر چادر سر سے اوڑھ لی اور جان جان آفریں کے سپرد کی۔

"انا للہ وانا الیہ راجعون"

اسی روز خاندانی قبرستان میں اس پیکر روحانیت کی تدفین ہوئی آپ کا وصال جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی وفات سے پہلے ہوا۔ وفات کی خاص تاریخ یا سنہ ولادت اور سنہ وفات کا علم مجھے قطعی طور پر نہ ہوسکا ...... مگر اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ حضرت کا کتب خانہ آتش زنی میں برباد ہوگیا تھا۔ پرانی خاندانی کتابیں مجھے دستیاب نہ ہوسکیں۔

مندرجہ بالا سطروں میں حضرت شاہ رفیع الزماں قدس اللہ سرہٗ اور ان کے شیوخ کا تذکرہ تھا۔ خود حضرت شاہ رفیع الزماں قدس اللہ سرہٗ کا وصال ۱۲۰۸ھ میں ہوا۔ برادر محترم معلی القاب جناب سید شاہ محمد حسن صاحب نے

Marfat.com

آپ کی تاریخ وفات کہی ہے۔ برادر محترم شاعری میں اشرف تخلص فرماتے تھے۔ تاریخ وفات ملاحظہ ہو۔

رفیع الزماں شاہ عالی مقام بدیع الزمان و سر اہل دید

"حضرت شاہ رفیع الزماں بڑے پایہ کے بزرگ تھے۔ فصاحت و بلاغت میں اپنے عہد کے بدیع الزماں اور سر گروہ اصفیا تھے۔"

زمخانۂ عشق در جام شوق چو او کس مے عشق کمتر کشید

"عشق الٰہی کے میخانہ میں جیسی رندی و سرمستی آپ نے دکھائی اس کی نظیر نہیں۔ شراب وصل کے ساغر جیسے آپ نے لنڈھائے وہ بادۂ شاید کسی کو نصیب ہوئے ہوں۔"

ہمہ دید از بہر دیدار حق چو او عارف چشم گیتی ندید
گذشت از جہاں بر تمنائے وصل چو در گوش خود مژدۂ حق شنید

"آپ کی آخری خواہش وصال الٰہی تھی۔ اسی عالم میں آپ دنیا سے رخصت ہوئے۔ آپ کیلئے کیا کم فخر ہے کہ آپ نے اپنے کانوں سے مژدۂ خداوندی سنا

بتاریخ آں کرد اشرف چو فکر بگفتم بلے در بہشت آرمید

"میں نے آپ کی تاریخ وفات کے بارے میں غور کیا تو بے اختیار میرے ذہن میں یہ خیال آیا کہ۔ آپ فردوس بریں میں محو خرام ہیں۔"

۱۲۰۸ھ

Marfat.com

پانچویں فصل آپ کی تصنیفات اور آپ کے صاحبزادگان والاتبار

قلندر جز دو حرف لا الٰہ کچھ بھی نہیں رکھتا
فقیہ شہر قاروں ہے لغت ہائے حجازی کا

گذشتہ سطروں میں گذر چکا ہے کہ حضرت والا کو خاص طور سے علوم دینیہ میں مہارت حاصل کرنے کا موقع نہ مل سکا۔ کیونکہ آپ کے شب و روز عبادت و ریاضت کے لئے وقف تھے۔ اس کے باوجود علوم دینیہ سے آپ کی واقفیت اور دلچسپی برقرار رہی۔ اولاد کی تعلیم کی طرف خاص توجہ دی اور ماشاءاللہ صاحبزادوں میں تقریباً سب ہی اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوئے اور علمی دنیا میں آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔ حضرت والا کو اللہ تعالیٰ نے سات فرزند عطا فرمائے تھے۔

(۱) حضرت سید شاہ ظہور الحسن مرحوم۔

یہ حضرت والا کے بڑے صاحبزادے تھے اور حضرت سے بیعت بھی تھے۔ آپ کا انتقال ۱۲۷۶ھ میں ہوا۔ آپ کی تاریخ وفات درج ذیل ہے

ظہور الحسن شاہ اہل صفا ۔۔۔ رہے عابد و پاک قدسی نژاد

"جناب شاہ ظہور الحسن صاحب فرشتہ صفت انسان تھے۔ بزرگوں کے زمرہ میں وہ ایک امتیازی حیثیت رکھتے تھے":

بتاریخ بستم زماہ صفر ۔۔۔ بگفتا فلک واصل خلد باد

Marfat.com

۲۰ صفر آپ کے سفر آخرت کی تاریخ ہے۔

سن وصل آنِ واصل ذات حق　　　بگفتا فلک واصل خلد باد

۱۲۷۴

"دربار خداوندی میں آپ کی باریابی ہوئی، زمانہ پکار اٹھا کہ آپکا سالِ وفات "واصل خلد باد" سے برآمد ہوتا ہے"

جناب سید شاہ ظہور الحسن نے تین اولادیں چھوڑیں۔ بڑے صاحبزادے مولوی حافظ سید شاہ احمد حسن صاحب، منجھلے صاحبزادے سید شاہ حسین احمد صاحب اور سب سے چھوٹے صاحبزادے سید شاہ احمد حسین تھے، خدا کے فضل سے ان صاحبزادوں سے آپ کی نسل چلی۔

(۲) حضرت سید شاہ نور الحسن صاحب آپ جناب شاہ ظہور الحسن صاحب سے عمر میں چھوٹے ہیں۔ اور خدا کے فضل سے بقید حیات ہیں۔ آپ کو خدا نے دو صاحبزادے عطا فرمائے ہیں۔ بڑے صاحبزادے سید شاہ ابن حسن ہیں۔ اور چھوٹے صاحبزادے سید شاہ سراج الحسن ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سے دونوں کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ ماشاءاللہ دونوں صاحب اولاد ہیں۔

(۳) حضرت سید شاہ علی حسن صاحب۔ جناب سید شاہ نور الحسن کے بعد پیدا ہوئے۔ آپ کو حضرت والا سے بیعت کا شرف بھی حاصل تھا۔ اور علوم دینیہ سے بخوبی واقفیت تھی۔ ساتھ ہی ساتھ دنیاوی علوم میں بھی آپ کو مہارت حاصل تھی۔ برٹش گورنمنٹ میں معزز عہدوں پر آپ سرفراز

Marfat.com

ہوتے رہے۔ سررشتہ داری سے تحصیلداری تک ترقی کی ۱۲۷۶ھ میں جب کہ بلوہ اعظم ختم ہوچکا تھا۔ آپ نے زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً کا قصد کیا۔ جدہ کی بندرگاہ کے قریب آپ کا جہاز پہنچا تو وہاں کی پہاڑیوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہوگیا۔ اس طریقہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو شہادت کا مرتبہ عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

آپ کی خاص صفت فیاضی اور سیر چشمی تھی۔ زندگی زاہدانہ تھی تقویٰ و پرہیزگاری تو خاندانی شعار تھا۔ سلسلہ قادریہ اور نقشبندیہ کے اوراد و اشغال سے اشتغال رہا۔ لطائف ستہ کے مراحل طے کرچکے تھے اور اسم اعظم کا عمل شروع کیا تھا کہ یہ حادثہ پیش آگیا اور آپ سارے خاندان کو سوگوار چھوڑ گئے۔ آپ کے پانچ صاحبزادے تھے۔

۱۔ مولوی سید شاہ امیر الدین احمد

۲۔ مولوی سید شاہ رفیع الدین احمد

۳۔ حافظ سید شاہ رضی الدین احمد

۵۔ سید شاہ معین الدین احمد اللہ تعالیٰ ان کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

۴۔ حافظ سید شاہ نظیر الدین۔

Marfat.com

۶۔ حضرت سید شاہ محمد حسن صاحب مرحوم۔

آپ حضرت والا کے مرید..... اور جلیل القدر خلفا میں تھے۔ جب سے پہلے حضرت والا نے آپ ہی کو منصب سجادہ نشینی تفویض کیا تھا۔ ابتدائی تعلیم ختم کرنے کے بعد آپ نے تصوف کو اپنا خاص موضوع بنایا اور اسی میں کمال حاصل کیا۔ ابتدا ہی میں آپ نے صرف نحو اور فقہ نیز فارسی کا کورس ختم کر لیا تھا۔ زہد و تقویٰ میں آپ منفرد تھے۔ دنیا سے بے رغبتی اور دنیا والوں سے بے تعلق بلکہ بے نیازی آپ کی سیرت کے خاص پہلو تھے۔ آپ نے کسی کی ملازمت نہیں کی۔ کثرت سے روزے رکھے، نوافل کا بھی خاص اہتمام تھا۔ ایام بیض (یعنی ہر عربی مہینے کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ) کے روزے بڑی پابندی سے رکھتے تھے۔ اسی طرح ستہ شوال یعنی شش عید کے روزے کبھی ناغہ نہیں ہوئے۔ حدیث شریف میں جن نفل روزوں کی فضیلت آئی ہے۔ ان روزوں کا بھی بڑا خیال تھا۔ شعر و شاعری سے خاص لگاؤ تھا۔ زیادہ تر کلام عارفانہ ہے۔

مندرجہ ذیل تصنیفات اپنی یادگار چھوڑیں۔

(۱) مثنوی معدان فیض (یہ مثنوی نصائح اور اخلاق کے مضامین پر مشتمل ہے) (۲) مثنوی ماہ ریفان (۳) کلام اشرف (نعتیہ دیوان) منظوم کیدانی فقہ میں (۴) دیوان فارسی (۵) علم صرف پر ایک کتابچہ

Marfat.com

خدا کے فضل سے یہ ساری تصنیفات موجود اور دست برد زمانہ سے محفوظ ہیں۔ وحدۃ الوجود کے فلسفہ پر آپ کو عبور تھا۔ وحدۃ الوجود کی تعلیم والد ماجد قدس اللہ سرہٗ سے حاصل کی تھی۔ بارہا جاہ پرست دنیا دار علماء سے آپ نے مناظرہ کیا اور اپنے مسلک کی تائید میں مضبوط دلائل دیے مخالفین دنگ رہ گئے۔ خاکسار کو آپ کی خدمت میں دس سال گذارنے کا شرف حاصل ہے۔ میں نے درسیات سے فارغ ہو کر آپ ہی کا دامن پکڑا اور آپ ہی کے قدموں میں رہ کر مدارج سلوک طے کیے۔ میری عادت تھی اپنے استاذ سے علمی بحثیں کرتا تھا۔ اسی طریقہ سے اپنی تشنگی کم کرتا اور اس کے ساتھ میری معلومات میں اضافہ ہوتا رہتا تھا۔

جناب والا نے منازل تصوف بہت جلد طے کیے۔ فنا و بقا کے راز سے بھی آشنا ہوئے۔ آپ کا یہ مرتبہ تھا کہ آپ کو مشاہدۂ حق کے لئے منطقی دلائل کی مطلق ضرورت نہ تھی، باطنی نسبت بڑی قوی تھی۔ اور اس نسبت کا فیض تھا کہ ماسوا اللہ دل میں کوئی دوسرا خیال سماتا ہی نہ تھا۔ آپ نے اپنی ہستی کو ایسا مانجھا تھا کہ وہ مجسم نور بن گئی تھی خدا کی اطاعت میں لذت آپ کی فطرت ثانیہ...... تھی اور معصیت سے اجتناب قدرۃ آپ کے خمیر میں تھا۔ آپ کی محفل میں خانقاہی آداب کا بڑا لحاظ رہتا تھا آپ شریعت و طریقت میں جامعیت کے قائل تھے۔

Marfat.com

متوسلین اور معتقدین کا آئینہ دل آپ کے پرتو نور سے چمک اٹھتا تھا اور آپ کو یہ میراث اپنے بزرگان سلف سے ملی تھی۔ ان کی محفلوں سے بھی آدمی فرشتہ بن کر نکلتا تھا۔ حضرت شاذو نادر ہی کسی کو مرید کرتے تھے۔ نیکن دو چار خوش قسمت ایسے بھی تھے جنھوں نے آپ سے خلافت حاصل کی اور مرید ہوئے۔ آپ کے خلفا میں شیخ ہدایت اللہ انامی بہت مشہور ہیں۔ یہ شاہ نذر محمد صاحب کانپوری کے بھتیجے ہیں۔ افسوس ہے کہ جناب والا نے اپنی عمر کی صرف چالیس بہاریں دیکھیں ۱۲۶۵ھ میں تپ دق اور سل کی بیماریوں میں مبتلا ہو کر انتقال فرمایا۔ اور اپنے پروردگار سے جا ملے۔ شیخ محمد قاسم صاحب مرحوم میر منشی محکمہ کلکٹری نے اپنے اس قطعہ سے آپ کی تاریخ وفات نکالی ہے:۔

صوفی صافی کہ بود شاہ محمد حسن	عابد عزلت گزین عارف عرفاں پناہ
عاشق حق حق پرست و مست از جام الست	ساغر وحدت بدست ساقی جاودگاہ
حیف کہ بست و دوم از مہ شعبان بود	رفت بگلگشت خلد وا ازیں بزم گاہ
زود دل درد مند گفت ز روئے الم	سال وصالش ممن واصل ذات اللہ

۱۲۶۵ھ

ممدوح کی یادگار ایک صاحبزادہ ہیں۔ یہ صاحبزادہ بھی اپنے والد نامدار کے نقش قدم پر ہیں۔ ان میں بھی وہ اوصاف ہیں جو ان کے اجداد

Marfat.com

میں تھا ان کا نام شاہ حیدر حسن ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں سلامت رکھے اور یہ دنیا کی آفتوں سے محفوظ رہیں۔ یہ بھی خدا کے فضل سے صاحب اولاد ہیں۔

(۵) حضرت والا کا پانچواں فرزند یہ خاکسار ہے۔ میرا نام فخر الدین احمد ہے اور عرف عام میں مجھے حکیم بادشاہ کہتے ہیں۔ میں بھی حضرت کا دست گرفتہ ہوں۔ اور سلسلہ (سہروردیہ قادریہ) میں مجھے سجادہ نشینی کا فخر بھی حاصل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک فرزند۔۔۔ حکیم سید مسیح الدین احمد عطا کیا ہے۔ ماشاء اللہ وہ اپنے آباؤ اکرام کے نقش قدم پر ہے علوم ظاہری اور باطنی سے بخوبی بہرہ یاب ہو کر خانقاہ کے مدرسہ میں درس و تدریس کے مشغلہ میں مصروف ہے۔ میرا یہ اکلوتا بیٹا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے تا صد و سی سال جلائے اور اپنے حفظ و امان میں رکھے اور آخرت میں دنیا سے زیادہ اسے سرفرازی دے۔

۶۔ حکیم سید علی حیدر عرف حکیم نواب صاحب ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں سلامت رکھے آپ طبیب حاذق ہیں۔ خدا نے آپ کو دو اولادیں دی ہیں۔ بڑے صاحبزادے (۱) سید شاہ اولاد حسن ہیں۔ یہ بھی صاحب اولاد ہیں (۲) چھوٹے صاحبزادے سید شاہ محمد ظہور ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں سلامت رکھیں۔

Marfat.com

۷۔ سید شاہ مولوی محمد عباس صاحب۔

مدتوں آپ نے انگریزی حکومتوں میں رہ کر جلیل القدر عہدے حاصل کیے۔ پیشکاری اور سررشتہ داری سے لے کر تحصیلداری تک ترقی کی مگر انقلاب ۱۸۵۷ء کے بعد سے خانہ نشین ہوگئے۔ اب صرف یادِ الٰہی ہی شب و روز کا شغل ہے اور اوراد و اشغال خاص کر سلسلہ قادریہ کے معمولات کا خاص التزام ہے۔ تقریباً پانچ ہزار درود شریف کے ورد کا روزانہ معمول ہے اور سلسلہ نقشبندیہ میں میرے مرید ہیں۔ لطائف ستہ کی تعلیم لی اور سلطان الذکر یعنی اسم ذات کے عمل کی تحصیل کی مجھ سے مجاز بیعت بھی ہیں۔ ان کی ذات سے سلسلۂ رشد و ہدایت جاری ہے ان کے دو صاحبزادے ہیں۔ بڑے صاحبزادے سید شاہ محمد علیم فارسی کے دبیر ہیں۔ اردو، فارسی دونوں زبانوں میں مشق سخن جاری ہے۔ بے تکلف فارسی نثر لکھنے پر قادر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں اولاد سے بھی نوازا ہے۔ دوسرے صاحبزادے سید شاہ محمد یوسف ابھی کم سن ہیں غالباً بارہ سال کی عمر ہے۔ قرآن شریف حفظ کر رہے ہیں۔

چھٹی فصل (آپکے مریدین اور تلامذۂ خاص کا تذکرہ)

میں یہ بات کئی بار لکھ چکا ہوں کہ حضرت والا پر عنفوان شباب میں جذبۂ

Marfat.com

عشقِ حقیقی طاری تھا۔ اس لیے باقاعدہ اور رسمی تعلیم کا موقع نہ مل سکا۔ بھلا دوسروں کو کیا درس دیتے۔ لیکن آپ کے مریدین اور مسترشدین کی تعداد بہت بڑی ہے۔ بعض مریدوں کا تذکرہ گذشتہ اوراق میں کہیں نہ کہیں آچکا ہے۔ آپ کے خاص مریدوں میں شیخ احسان علی صاحب مرحوم تعلقہ دار سید سراواں بہت مشہور ہیں۔ یہ بڑے ذاکر و شاغل اور متقی و پرہیزگار بزرگ تھے۔ شب بیداری اور سحر خیزی ان کا طرۂ امتیاز تھا۔ یادِ الٰہی میں ہمیشہ اشک ریز رہتے۔ حضرت والا کو بھی آپ سے خاص تعلق تھا۔ اور ہمیشہ آپ ان سے راضی رہے۔ ابھی حال ہی میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔ آپ کے مشہور مریدوں میں شیخ ثابت علی صاحب ساکن سید سراواں بھی ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ ابھی زندہ ہیں۔ ابھی ان کا عنفوانِ شباب ہی تھا کہ حضرت والا کے جلیل القدر خلیفہ سید شاہ محمد حسن صاحب نے اپنی تربیت میں لے لیا۔ وہیں انھوں نے کمالاتِ درویشی حاصل کیے۔ بزرگوں میں ان کا شمار ہونے لگا۔

شیخ نذیر علی صاحب ساکن سید سراواں بھی حضرت کے مریدوں میں قابلِ ذکر ہیں۔ بہت ہی دیندار بزرگ ہیں۔ اور اپنے معمولات پر سختی سے پابند ہیں۔ فرداً فرداً تمام مریدوں کا ذکر میرے لئے باعثِ طوالت ہے اسی لئے چند خلفا و مریدین کے تذکرہ پر اکتفا کرتا ہوں۔

Marfat.com

فصل ھفتم ساتویں فصل

(حضرت والا کا مدفن اور آپ کے وفات کے حالات)

جس سال حضرت والا نے وصال فرمایا خاکسار لکھنؤ میں زیر تعلیم تھا۔ درس نظامی کی تقریباً ساری کتابیں پڑھ چکا تھا صرف مسلم الثبوت کا پڑھنا رہ گیا تھا۔ تعلیمی سال بھی ختم ہو رہا تھا۔ رمضان شریف کی تعطیل ہونے والی تھی۔ اسی اثنا میں برادر محترم سید شاہ علی حسن صاحب مرحوم کا خط کانپور سے میرے نام آیا۔ بھائی صاحب نے مجھے کانپور بلایا تھا چونکہ مجھے کوئی خاص کام نہ تھا، چھٹیاں بھی تھیں اس لئے اس خط کو دیکھتے ہی کانپور پہنچ گیا۔ کانپور میں میرا قیام زیادہ نہ رہ سکا ابھی مجھے آئے ہوئے چند دن ہوئے تھے کہ حضرت کا والا نامہ میری طلب میں صادر ہوا۔ بہ چشم تعمیل ارشاد کی جلد از جلد اپنے کو الہ آباد پہنچایا قدم بوسی کی عزت حاصل ہوئی۔ حضرت والا اس وقت مراقبہ فرما رہے تھے۔ میں جیسے ہی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے آنکھیں کھول دیں۔

بہ شوق دیکھو بس مرگ بھی تجلی نے ٭ کفن میں کھولدیں آنکھیں سنا جو یار آیا

بے ساختہ اٹھ کر میری پیشانی چوم کر زبان فیض ترجمان سے فرمایا

"خوب آمدی کہ ایام فرصت و وقت قلیل ماندہ"

حضرت کے یہ الفاظ میرے لئے سرمایۂ سعادت ہیں میری خوش نصیبی

Marfat.com

کھیے۔ میں نے حضرت والا کے آغوش تربیت میں پرورش پائی تھی۔ کان ان باتوں سے آشنا تھے۔ میرا خمیر ہی ان عاشقان پاک طینت کی محبت سے بنا تھا۔ ہمیشہ سے ان بزرگوں کے عارفانہ اداؤں کا دیوانہ تھا۔ حضرت والا کا اس وقت فرمانا "خوب آمدی" از سر نو میری سرفرازی کا باعث ہوا۔ ورنہ میں تو اپنے کو فراموش کر چکا تھا۔ اس نعمت خداوندی کا شکریہ زبان قلم نہیں ادا کر سکتی۔ رفتہ رفتہ رمضان شریف کا مہینہ گذر گیا میں نے دوبارہ لکھنؤ جانے کی درخواست پیش کی۔ ساتھ ہی ساتھ یہ بھی عرض کیا کہ ابھی میری تعلیم مکمل نہیں ہوئی مجھے مسلم الثبوت کا درس لینا ہے۔ فرمایا بیٹے کچھ اور انتظار کرو خدا نے چاہا تو جلد ہی تمہیں رخصت کر دوں گا۔ اتفاق دیکھئے کہ کئی بار میں نے اجازت چاہی اور حضرت والا نے ہر بار ٹھہرنے کیلئے کہا اور آئندہ رخصت کرنے کا وعدہ فرمایا اسی امروز و فردا میں شوال کے بیس دن گذر گئے۔ بیس تاریخ کو مجھے حضوری میں طلب کیا گیا اور ارشاد ہوا کہ لو میاں یہ روپئے تمہارے زاد سفر کے ہیں۔ اب تم سواری وغیرہ کا انتظام کر لو۔ میں نے حسب ارشاد تعمیل کی اور سواری کی تلاش کرنے لگا۔ ابھی میں ان ہی فکروں میں تھا کہ حضرت والا نے ۲۲ شوال کو عصر کے بعد مجھے اپنے حضور میں طلب کیا۔ اسی وقت تفصیل سے وحدۃ الوجود کی بحث سمجھائی اور اس سلسلہ

Marfat.com

میں جو اشکالات تھے انھیں رفع کیا۔ ساتھ یہ فرمایا کہ تم نے چونکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے۔ لہذا اگر کچھ اشکال ہوں تو انھیں میرے سامنے پیش کرو تاکہ میں ان اعتراضات کو بھی رفع کر دوں اگر تم نے خود اپنے علم ظاہر کے ذریعہ ان مسائل کی گرہ کشائی کی تو کامیابی ناممکن ہے۔ اس عقیدہ پر خاص توجہ کرو اور ہمیشہ اس کی گرہ کشائی کی جستجو میں رہو۔ ایک دن ایسا آئے گا جب کامیابی تمہارے قدم چومے گی۔ اور منزل جاناں پالوگے۔ حضرت والا کی اس تلقین نے میرے منطقی ذہن سے اس نظریہ کے خلاف سارے شکوک رفع کر دیئے اور مجھے مسئلہ میں شرح صدر نصیب ہو گیا۔ اسی دن آپ نے فرمائش کی کہ رات کو باجرہ کی کھچڑی پکائی جائے حکم کی تعمیل ہوئی۔ آپ نے گھر والوں کو بلا کر ایک ایک لقمہ خود دست مبارک سے تقسیم کیا۔ اس کے بعد حسب معمول عشاء کے بعد آرام فرمایا تہجد کے وقت بیدار ہوئے، حوائج ضروریہ سے فارغ ہو کر نوافل میں مشغول ہو گئے، نفلوں کے بعد اوراد واذکار کا سلسلہ جاری رہا صبح صادق کے قریب آپ دوبارہ چوکی پر تشریف لے گئے اور وضو کیا۔ وضو کے بعد ہی قلب کا دورہ پڑ گیا۔ پہلے بھی کئی بار آپ پر یہ دورہ پڑ چکا تھا۔ حضرت والا کو جیسے یہ احساس ہوا کہ اب دم واپسیں ہے،

Marfat.com

باآوازِ بلند کلمۂ توحید پڑھنا شروع کیا۔ آواز سے پتہ چل رہا تھا کہ غیر معمولی تکلیف برداشت کر رہے ہیں۔ اب یہ اتفاق دیکھئے کہ بھائی صاحب قبلہ ہمیشہ دیوان خانہ چلے جاتے تھے اور وہیں ذکر و شغل فرمایا کرتے تھے۔ اس دن خلاف عادت محل سرا میں آرام کیا۔ حجرۂ خاص میں نہ جا سکے۔ حضرت والا کے کراہنے سے گہری نیند سے جاگے اور بیتابانہ اپنے کو حضرت تک پہنچایا۔ دریافت کیا کیا مزاج ہے، ارشاد ہوا نزع کا عالم ہے اس وقت میں بجز کلمۂ لا الٰہ کے کسی قسم کی گفتگو نہ کروں گا۔ چنانچہ حضرت والا اور بھائی صاحب قبلہ اللہ اللہ کہتے ہوئے مسہری تک پہنچے جو دالان کے اندر لگی ہوئی تھی۔ بھائی صاحب نے مسہری پر کھڑے ہو کر اسم ذات کا ورد شروع کیا اور حضرت والا جو نہی مسہری کے قریب پہنچے روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ یہ دیکھ کر بھائی صاحب قبلہ تڑپتی بے تابی سے میرے پاس پہونچے، مجھے بیدار کیا (اس دن میں دیوان خانہ میں موجود تھا) اور فرمایا محل سرا میں جا کر حضرت والا کو دیکھو کیسی طبیعت ہے میں نے آکر یہ ماجرا دیکھا کہ نبضیں ساقط ہو چکی ہیں۔ اور حضور کا وصال ہو چکا ہے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ـــــ رہے نام اللہ کا

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد

Marfat.com

حضرت کا وصال ۲۲ شوال ۱۲۵۰ھ کو ہوا اسی روز خاندانی مقبرہ میں اپنے جد امجد کے پہلو میں دفن ہوئے۔ جنازہ میں ایسا ہجوم کم نظر آیا مجمع کیا تھا انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا۔ بہت سے لوگ اس تمنا میں رہ گئے کہ جنازہ کو کاندھا ..... دیں معلوم ہوتا تھا ہوا میں جنازہ جا رہا ہے۔ یہ آپ کی کرامت تھی ورنہ اتنی غیر معمولی تعداد میں آدمیوں کی شرکت حیرت انگیز ہے۔ لطف یہ ہے کہ اکثریت ایسے لوگوں کی تھی جن کا مجھ سے کوئی تعارف نہ تھا

حضرت والا کی تجہیز و تکفین کے بعد فاتحہ سوم (جیسا ان اطراف میں دستور ہے) کی تقریب میں شریک ہو کر میں نے لکھنؤ کا قصد کیا اور حسب معمول تعلیمی مصروفیات شروع ہو گئیں۔ سلم الثبوت کا درس دوبارہ شروع ہو گیا۔

(صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین)

برحمتک یا ارحم الراحمین

حضرت کی تاریخ وفات حضرت سید شاہ محمد حسن صاحب مغفور نے سپرد قلم کی ہے۔ جو حسب ذیل ہے ؎

Marfat.com

شاه محمد زمان قدوهٔ اهل صفا　　زبدهٔ خاصان حق تبصرهٔ عارفان
صوفی صافی درون پاک ز شرک و ریا　　قطب حقیقت گزین تاج سر مقبلان
مجمع زهد و ورع چشمهٔ جود و کرم　　تارک دنیا و دون شاه ریاضت کشان
هادی راه یقین مرشد تقوی شعار　　باده کش معرفت حضرت شبلی نشان
خسرو ملک فنا مست ز جام بقا　　ذاکر اسمای حق کاشف سر نهان
شوق وصال خدا چون بدلش جوش زد　　بست قریب سحر رخت سفر زین جهان

سال وفاتش خرد از سر افسوس گفت
قبلهٔ اهل وفا رفت بدار جنان

١٢٥٤ھ

ولكن هذا آخر ما اوردته في هذه العجالة
وصلى الله على سيدنا محمد وآله وسلم في
الاولى والآخرة،

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خود نوشت سوانح

(حضرت مولانا سید شاہ فخر الدین احمد حکیم بادشاہ)

حضرت اقدس شاہ محمد زماں کے حالات لکھنے کے بعد دل چاہتا ہے کہ کچھ اپنے حالات بھی بیان کروں۔ یہ میری زندگی کے ابتدائی حالات ہیں۔ اللہ تعالیٰ عاقبت بخیر کرے۔

والد ماجد کو خدا غریق رحمت کرے باوجود پیرانہ سالی کے میری تعلیم و تربیت کا بڑا خیال تھا۔ میری خوش قسمتی تھی کہ میں نے ایسے عارف وقت کی آغوش میں آنکھیں کھولیں۔

اولیاء اللہ کی پیاری اور دلکش باتوں سے میرے کان بچپن سے آشنا...... تھے۔ بزرگوں کی محبت کا بیج جو اس وقت بویا گیا تھا وہ آج ایک تناور درخت ہے۔

میری تعلیم کا ڈول کچھ اس طرح ڈالا گیا کہ پہلے مجھے قرآن مجید کے

Marfat.com

کچھ یا حضرت نے لفظاً بلفظاً سبقاً سبقاً پڑھائے ــــ اس طریقہ سے بہت جلد اس قابل ہو گیا کہ بغیر استاد کی مدد کے قرآن شریف آسانی سے پڑھ سکتا تھا۔ ناظرہ قرآن شریف میں نے یوں ہی ختم کیا۔ قرآن شریف پڑھنے کے بعد فارسی کی ابتدائی کتابیں شروع ہوئیں۔ "کریما" اور "مامقیماں" کو میں نے دیکھتے دیکھتے ختم کر دیا۔ اسے حضرت والا کا فیض کہئے کہ یہ کتابیں اس قدر جلد کیسے پڑھ ڈالیں۔ اب گلستاں پڑھنے کی باری تھی حضرت نے عنایت خاص فرماتے ہوئے گلستاں کچھ دن پڑھائی پھر مجھے دوسرے استادوں سے پڑھنے کا حکم ہوا آپ ہی کی شفقت کا نتیجہ تھا کہ انشاء ابوالفضل نیز انشاء طاہر وحید وغیرہ فارسی کی بہترین کتابیں ساتھ ہی صرف و نحو کی بعض مختصر کتابیں پڑھ کر انشاء پردازی کا سلیقہ سیکھا۔ اب میری عمر کا چودھواں سال تھا۔ آغاز شباب ہی میں میری شادی خاندان ہی کی ایک صاحبزادی سے کر دی گئی۔ شادی کو ابھی چھ ماہ ہوئے تھے کہ کچھ زر نقد اور زاد راہ دیکر اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بھائی صاحب قبلہ سید شاہ محمد حسن صاحب (یہ حضرت والا کے عالی مرتبت خلفاء میں تھے) کی ہمراہی میں لکھنؤ جانے کا حکم ہوا۔ لکھنؤ اسوقت شاہان اودھ کا دارالسلطنت تھا۔ اور فرنگی محل کی وجہ سے اس کی علمی شہرت دور دور تھی۔ اس علمی سفر میں میرے عزیز دوست حاجی محمد صاحب

Marfat.com

میرے ہمراہ تھے۔ یہ جناب شاہ محمد سیف اللہ محب اللہی کے صاحبزادے تھے۔ لکھنؤ پہنچ کر شیخ میر علی صاحب وکیل سے ملاقات ہوئی۔ میر صاحب مرزا حیدر بیگ کے املاک کے مختار عام تھے۔ انھیں کی کوشش سے یا یوں کہیے کہ ان کے وسیع تعلقات کی بنا پر ایک مکان مل گیا۔ مکان استاذ محترم مولانا مولوی محمد حیدر صاحب مرحوم کی محل سرا کے مقابل تھا۔ اس زمانہ میں میرا زیادہ وقت کافیہ یاد کرنے میں صرف ہوتا تھا آپ اکثر مولانا خادم احمد صاحب کے بنگلے کے دروازہ پر تشریف فرما ہوتے اور مجھے کافیہ سنانے کی فرمائش کرتے تھے۔ میرے دوست شاہ حاجی محمد صاحب سے مولانا کی پرانی شناسائی تھی اسی رشتہ سے آپ مجھ پر بھی شفقت فرماتے تھے۔ جب انھیں میرے تفصیلی حالات معلوم ہوئے تو فرمایا صاحبزادے تو علم کے شوقین معلوم ہوتے ہیں اگر یہ میری محل سرا میں اٹھ آئیں تو کیا کہنا۔ لیجیے میری دلی تمنا بر آئی۔ میری دیرینہ خواہش تھی کہ کاش فرنگی محل میں میرا داخلہ ہو جاتا۔ اس لیے اس پیشکش کو فوراً قبول کر لیا اور اپنے ساتھیوں کو لے کر مولانا کی قیام گاہ میں ڈیرہ جمایا۔ مولانا نے بھی (خدا ان کی قبر کو ٹھنڈا رکھے) الطاف و نوازش کی حد کر دی۔ میں چاہتا تھا کہ فرنگی محل ہی میں کسی سے شرف تلمذ حاصل کروں۔ اسی جستجو میں شہر کے بیشتر علما کی خدمت

Marfat.com

میں حاضری دیتا رہتا تھا۔ ایک دن ظہر کی نماز کے لئے اس مسجد میں حاضر ہوا جو بیرون فرنگی محل ہے، وہاں مولانا محترم شیخ محمد صاحب ولایتی کا درس ہوتا تھا۔ نحو کی مشہور کتاب مصباح زیر درس تھی ایک صاحبزادے عبدالغفور نامی پڑھ رہے تھے۔ میں بھی ادب سے بیٹھ کر لکچر سننے لگا۔ کسی مقام پر عبدالغفور صاحب اٹکے۔ مولانا نے کئی بار سمجھانے کی کوشش کی مگر صاحبزادے کے پلے کچھ نہ پڑا یہیں سے میری قسمت کا ستارہ چمکتا ہے میں نے اپنی جرأت رندانہ سے کام لیا۔ عرض کیا اگر اجازت ہو تو فدوی کچھ عرض کرے۔ مولانا کو میری جرأت رندانہ پسند آئی۔ ارشاد ہوا کہیے۔ میں نے بڑی قابلیت سے اس مسئلہ کی وضاحت کی اور مالہ و ما علیہ پر اس انداز سے روشنی ڈالی کہ صاحبزادہ کی سمجھ میں سب کچھ آگیا۔ مولانا محترم بیحد خوش ہوئے اور اسی دن سے اسی خاکسار پر خاص توجہ دینے لگے۔ (مصباح پر اس سلیقہ سے تبصرہ کرتا یا نحو کے باریک مسئلے سلجھانا میرے لئے چنداں مشکل نہ تھا۔ میں اس کم عمری میں مصباح پڑھ چکا تھا۔)

اب میں ہر روز باقاعدگی سے جانے لگا۔ کہتے ہیں عشق اور مشک چھپا نہیں رہتا۔ میرے شوق اور والہانہ شغف نے مولانا کو بیحد متاثر کیا

Marfat.com

ایک دن خود ہی فرمانے لگے کہ کیا میرے درس میں شرکت کا ارادہ ہے۔ عرض کیا فدوی کی تمنا ہے۔ فرمایا کل سے میاں عبدالغفور کے اسباق کی سماعت کیا کرو کچھ دن یہی سلسلہ رہا۔ خیر سے عبدالغفور صاحب کچھ کند ذہن واقع ہوئے تھے ان کے دوسرے ساتھی بھی ان سے عاجز تھے اس لئے اب شرح ملا پر لکچر شروع ہو گئے مولانا کے لکچر ، کا کیا کہنا علم کا دریا ناپیدا کنار تھا۔ صرف دو ماہ میں کتاب ختم ہوئی اسی کتاب کو میں نے تبرکاً حضرت مولانا برہان الحق صاحب سے بھی پڑھا جس قدر میں پڑھتا تھا اسے مولانا خادم احمد صاحب کو سناتا تھا۔ اسی طریقہ کو اصطلاح میں تکرار کہتے ہیں ایک دن کسی مسئلہ پر مولانا خادم احمد صاحب اور مجھ سے بحث ہو گئی بحث خالص علمی اور فنی تھی۔ مولانا کے پاس جو دلائل تھے میں انھیں ماننے پر تیار نہ تھا اس طرح مولانا بھی مجھ سے مطمئن نہ تھے اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ مولانا خادم احمد صاحب بارہا اپنے حلقۂ احباب میں یہ فرما چکے تھے کہ یہ صاحبزادے علمی مسائل میں مجھ سے مذاکرہ نہیں کرتے بلکہ میرے سامنے باقاعدہ زانوے شاگردی تہہ کر چکے ہیں (حالانکہ یہ خلاف واقعہ تھا میں مولانا کا شاگرد نہ تھا) بہر حال مولانا مجھ سے خفا ہو کر فرمانے لگے آپ کو اپنی قابلیت پر جب اس قدر ناز ہے

Marfat.com

تو مجھ سے مذاکرہ کی کیا ضرورت ہے میں نے کسی نہ کسی طریقہ سے مولانا سے پیچھا چھڑایا۔ اب اس کتاب کے بجائے شرح وقایہ شروع ہوئی، اس کتاب کو میں نے جناب مولانا محمد معین صاحب سے پڑھنا شروع کیا اور بہت جلد یہ کتاب ختم ہوگئی۔

میری تعلیم میں جن علمائے نامدار نے مرکزی کردار ادا کیا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔ درس نظامی کی تقریباً تمام کتابیں خواہ وہ منطق کی ہوں یا ریاضی کی فلسفہ کی ہوں یا ادب کی تفسیر کی ہوں یا علم کلام کی۔ میں نے اخوند صاحب سے پڑھیں اخوند صاحب کو خدا غریق رحمت کرے (بڑے پایہ کے عالم تھے) انھیں مولانا رشید الدین خاں صاحب دہلوی اور حضرت مولانا ظہور اللہ صاحب جیسے یگانۂ روزگار سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ ریاضی کی معیاری کتابیں میں نے مولوی اسمٰعیل لندنی سے پڑھیں۔ فقہ کی آخری کتابیں جیسے ہدایہ وغیرہ جناب مفتی محمد اصغر صاحب اور جناب مولوی ولی اللہ صاحب نے پڑھائیں علم کلام کی مشہور کتاب شرح مواقف کا کچھ حصہ مولانا نعمت اللہ صاحب نے پڑھایا بقیہ کتاب اخوند صاحب نے ختم کرائی۔ حدیث کی سند مولانا حسین احمد صاحب ملیح آبادی نے مرحمت فرمائی میرے عزیز دوست مولانا معین الدین کرڈوی نے اسی زمانہ میں حدیث کی سند

Marfat.com

مولانا ممدوح سے حاصل کی ہے مولانا حکیم اسد علی صاحب سے میں نے فن طب حاصل کیا۔ مطب کا سلیقہ انھیں کے دار الشفاء میں سیکھا

میں نے اپنی زندگی کے دس سال لکھنؤ میں گزارے لکھنؤ اس وقت اودھ کا پایۂ تخت تھا۔ یہ میری زندگی کے سنہرے دن تھے ان کی تفصیل یہ ہے کہ تقریباً پانچ سال مولانا محمد حیدر صاحب کی مجلس میں رہا اور تین سال اس مسجد کے حجرے میں قیام رہا جو مولانا محمد حیدر صاحب کے والد قبلہ کا تعمیر کردہ ہے اور بیرون فرنگی محل واقع ہے نیز دو سال شیخ ارشاد اللہ صاحب تیر انداز کے مکان میں گذرے یہ مکان محلہ پاٹا نالہ میں تھا۔ یہ دس سال میں نے اپنے شفیق اساتذہ کی توجہ سے ضائع نہیں کیے ہر لمحہ کار آمد بنانے میں صرف ہوتا رہا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں نے اپنی محنت کا پھل پایا درسیات (یعنی درس نظامی) پر خدا کے فضل وکرم سے مجھے عبور حاصل ہو گیا۔ اس طویل مدت میں والد قبلہ بھی مجھ سے غافل نہیں رہے ان کی توجہ میری باطنی صفائی پر رہتی تھی۔ جب تک پاکیزگی نفس حاصل نہ ہو امور عالم غیب منکشف نہیں ہو سکتے اور تجلیات عالم بالا پرتو فگن ہو سکتی ہیں۔ یعنی سب سے پہلے انسان کا نیک نفس، پاک طینت ہونا ضروری ہے حضرت اقدس نے ملکہ اشراقیت سے آئینہ کی طرح میرے دل کو صاف کر دیا تھا۔ اس کا

Marfat.com

خاص سبب اکل حلال تھا۔ میرے والد کی اس پر بڑی تاکید تھی حالانکہ خدا کے فضل سے آج تک میں لقمہ حرام سے محفوظ ہوں۔ مگر اسوقت بات ہی کچھ اور تھی۔ اس سلسلہ میں ایک واقعہ سننے کے لائق ہے۔ شیخ اسد اللہ صاحب تیرانداز ایک دن یوں گویا ہوئے کہ خان علامہ تفضل حسین خاں صاحب نائب جناب عالی کے صاحبزادگان کی اگر آپ اتالیقی پسند فرمائیں تو بڑی دولت ہاتھ آئے فضل علی اور اس کے بھائی کو پڑھانا ہے اس کے لئے کچھ وقت دیجیے۔ میں لکھنؤ میں اتالیقی کرتا پھروں یہ مجھے زیب نہیں دیتا۔ سوا میرے دل میں یہ خیال آیا شیخ صاحب کی دل شکنی ہوگی۔ بہرحال دونوں صاحبزادے میری قیام گاہ پر آنے لگے کچھ دیر پڑھکر واپس چلے جاتے یہ روز کا معمول تھا۔ اب سنئے پہلے دن کی کیفیت چاشت تک میں نے مطب کیا۔ مطب سے فارغ ہو کر میں صاحبزادوں کے قیام گاہ سے گزرا یہ قیام گاہ شیخ صاحب کے مکان سے متصل تھی۔ میاں فضل علی دروازہ ہی پر کھڑے تھے۔ مجھے دیکھکر بڑے ادب سے کہنے لگے میری دلی خواہش ہے کہ حضور غریب خانہ پر کچھ دال دلیا تناول فرماکر دولت پر تشریف لیجائیں۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ اب دسترخوان لگنے لگا قسم قسم کے کھانے آنے شروع ہوئے۔ لیکن دسترخوان پر بیٹھتے ہی نا قابل

Marfat.com

برداشت بدبو محسوس ہوئی۔ ایسی کہ دماغ پراگندہ ہوگیا۔ ذرا سوچئے تو محل سرا میں گندگی کا کیا سوال۔ وہ بھی امراء کی بارگاہ سجی سجائی جھاڑ فانوس شیشہ آلات سے آراستہ لیکن بدبو تھی کہ حواس پراگندہ کئے دیتی تھی۔ خلاصہ یہ ہے کہ دستر خوان سے یوں ہی اٹھنا پڑا۔ ایک لقمہ کھائے بغیر اپنی قیام گاہ پر واپس آگیا۔ یہی واقعہ تین دن مسلسل پیش آتا رہا۔ یعنی جوں ہی دستر خوان سجتا ناقابل برداشت بدبو محسوس ہوتی۔ اور میں کھانے سے دستکش ہوجاتا۔ چوتھے دن محل سرا نہ جا سکا کھانا میرے گھر پر آگیا لیکن بدبو کا وہی حال تھا۔ اب مجھے احساس ہوا خدانخواستہ یہ مال حرام تو نہیں؟ دریافت جو کیا تو میرا خیال صحیح تھا۔

میرے والد ماجد کو خدا نے وہ دولت لازوال عطا کی تھی جس سے سیکڑوں بندگان خدا فیضیاب ہوئے اور آپ کی تربیت باطنی سے بہرہ یاب ہوئے۔ آپ کی نگاہ کیمیا اثر ہی تھی جس نے مجھ ہیچمداں کو بھی کسی قابل بنایا مجھے جو کچھ ملا اسی در سے ملا ہے

کہاں میں اور کہاں یہ نکہت گل — نسیم صبح تیری مہربانی

میری تعلیم و تربیت کا آپ نے حق ادا کر دیا۔ تصوف و سلوک کے مراحل آپ ہی کے ذریعے طے ہوتے رہے۔ میں سمجھتا ہوں آج بھی آپ کا فیض جاری ہے۔

Marfat.com

قرآن شریف میں نے آپ کے انتقال کے بعد یاد کرنا شروع کیا پانچ منزلیں ختم ہو گئی ہیں۔ پروردگار عالم سے دست بدعا ہوں کہ بقیہ دو منزلیں بھی پار کر لوں اگرچہ کثرت مشاغل کی بنا پر وقت نہیں ملتا مگر۔

ہمت مرداں مدد خدا

ہاں خوب یاد آیا میری ولادت ۱۳۲۲ھ ہجری کی ہے اب میری بیعت کا قصہ سنئیے۔ جس زمانہ میں میں لکھنؤ میں مسلم الثبوت پڑھ رہا تھا رمضان المبارک عالم اسلام کے لیئے پیغام مسرت بن کر آیا۔ رمضان شریف کی تعطیل میں برادر محترم سید شاہ علی حسن صاحب کے پاس کانپور جانا ہوا (بھائی صاحب قبلہ اس زمانہ میں کانپور میں تحصیلدار تھے) وہاں پہنچ کر بھائی صاحب کی قدم بوسی حاصل ہوئی۔ والد محترم کو میرے کانپور جانے کی جب اطلاع ہوئی تو بھائی صاحب کے نام آپ کا رقعہ پہنچا کہ صاحبزادہ کو الہ آباد روانہ کرو۔ اس خط کا ملنا تھا کہ میں سراپا شوق بن کر خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت والا اس وقت مراقبہ فرما رہے تھے۔ میں جیسے ہی آپ کے حضور میں آیا۔ مراقبہ سے سر اٹھایا نگاہ لطف مجھ پر ڈالی اٹھ کر گلے سے لگایا۔ پیشانی پر بوسہ دیا اور زبان حال سے یہ ارشاد فرمایا۔

اے آتش فرقت دلہا کباب کردہ   سیلاب اشتیاقت جانہا خراب کردہ

اس وقت میرے آنے سے جیسی مسرت حضرت کو حاصل ہوئی میں نے

Marfat.com

پیشتر کبھی نہیں دیکھی۔ شاید رمضان شریف کی پندرہویں تاریخ تھی جس روز حضور کے جمال جہاں آرا کی زیارت سے مشرف ہوا تھا اس تاریخ سے میں نے محسوس کیا کہ حضرت کی خاص عنایت مجھ پر ہے اب آپ زیادہ تر اپنی خدمت میں اس خاکسار کو حضوری کا موقع دیتے اور کلمات عارفانہ یا حکایات عاشقانہ سے نوازتے جیسا کہ حضرت والا کی عادت تھی ایک نئی بات میں نے یہ دیکھی کہ اب یہ باتیں میں دلچسپی سے سننے لگا تھا آپ کی ہر بات دل میں اترتی ہوئی معلوم ہوتی تھی ورنہ اس سے پہلے شاید فلسفہ سے مرعوب تھا یا فقہ کے زیر اثر رہا تھا۔ حضرت کے ان اقوال کو جنہیں وحدت الوجود سے متاثر ہو کر آپ فرماتے تھے۔ صوفیا کی بدعات گردانتا تھا بلکہ سرے سے جائز ہی نہیں سمجھتا تھا۔ اب یہ حال تھا کہ حضرت کی ان ہی عارفانہ اداؤں پر عاشق تھا اور آپ کے ملفوظات کو شرع ہی کی ایک نئی توجیہ سمجھتا تھا۔ اب اپنے علمی مزاج کے موافق قرآن و حدیث سے تصوف کے ان مسائل کو مدلل کرنے کی کوشش کرنے لگا۔ واقعی یہ حضرت کا تصرف تھا ورنہ من آنم کہ من دانم۔ پلک جھپکتے ہی رمضان شریف گذر گیا میں نے عرض کیا مجھے ابھی اپنی تعلیم مکمل کرنی ہے۔ اجازت ہو تو واپس جاؤں فرمایا جلدی کیا ہے کچھ دن اور ٹھہر جاؤ رخصت تو مل ہی جائے گی۔ آپ کے جواب سے مطمئن ہو کر میں ۲۱ شوال تک ٹھہر گیا

Marfat.com

اس وقت آپ نے حسبِ وعدہ زادِ راہ بھی عنایت فرمایا لیکن چلتے چلتے مجھے طلب فرمایا اس وقت خود بدولت مسہری پر تشریف فرما تھے جو آنگن میں لگی تھی مجھے سامنے بیٹھنے کا حکم ہوا اب راز و نیاز کی باتیں شروع ہوئیں جس کے بیان سے زبانِ قلم قاصر ہے۔ مختصراً یہ عرض ہے ؎

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

میں بھی کسی کی زلفوں کا اسیر ہو گیا۔ آپ نے مجھے اپنی غلامی میں لے لیا میں نے عرض کیا ؎

ما بعشقِ تو نہ امروز گرفتار شدیم
کہ گرفتاریِ ما با تو ز روزِ ازل است

پھر میں نے دست بستہ عرض کیا کہ حضور آج مجھے خانوادہ عالیہ قادریہ کی نسبت خاص عطا ہو اور میری باضابطہ دستگیری فرمائیں۔ ارشاد ہوا کہ میں ہمیشہ سے تمہاری دستگیری کرتا رہا ہوں۔ اب موافق سنت کے ضابطہ بھی پورا کر رہا ہوں۔ بالآخر آپ نے مجھے بیعت سے سرفراز فرمایا۔ اس وقت آپ نے جو کچھ کہلوایا وہ میں نے کہا۔ بیعت سے فارغ ہو کر مجھے محبوب حقیقی کے سپرد کیا ؎

ہمیں خواہم کہ ہیچو خاک کردی
مگر در زیر پائے پاک کردی

میں نے جس خانوادہ عالیہ میں بیعت کی اور جس مقدس ہستی سے میرا روحانی تعلق قائم ہوا وہ قطب الاقطاب سلطان السلاطین،

Marfat.com

محی الدین غوث الثقلین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی ذات والاصفات تھی۔ واقعی آپ بزم صوفیا کے صدر نشین ہیں۔ اگر کوئی قطب ہے تو آپ قطبوں کے قطب اور تاجِ اولیا رہیں۔ محی الدین کا لقب آپ ہی کو زیب دیتا ہے۔ آپکی ذات سے اسلام میں تازگی آئی اور ملت کفر پر اوس پڑگئی، غوث اعظم آپ کو اسی لئے کہا جاتا ہے کہ ساری دنیا خواہ خاکی ہو یا نوری آپ ہی کے سایۂ عاطفت میں ہے۔ میں نے تو بس اسی در کا سہارا لیا ہے آپ کی عنایت خاص اور نگاہِ لطف کا امیدوار ہوں۔ اس موقعہ پر اپنے چند اشعار یاد آتے ہیں۔ ملاحظہ ہوں ؎

دستگیر دوجہاں حضرت غوث الاعظم	۱	ہادی گمشدگاں حضرت غوث الاعظم
مظہر ذات خدا سرِ رسول دوسرا	۲	نور عینین حسن حضرت غوث الاعظم
ہمہ غوثان جہاں یافتہ غوثیت ازو	۳	فخر اقطاب جہاں حضرت غوث الاعظم
ویں کہ بدمرزہ حیات ابدی یافت ازو	۴	بود عیسیٰ نفسی حضرت غوث الاعظم
روزی در خواب نبی در دہنش انداخت لعاب	۵	زاں سبب بود فصیح حضرت غوث الاعظم
سامع از سرعت گفتار جہوریش برعب	۶	میشد از ہیبت آں حضرت غوث الاعظم
می شنیدند کلامش ہمہ از دور و بعید	۷	چوں بگفتار شدی حضرت غوث الاعظم
وقت گفتار ہمہ خلق شدندی خاموش	۸	آں قدر بود مہیب حضرت غوث الاعظم
منتشل بود بامرش ہمہ کس از رہ شوق	۹	حبذا شاہ جہاں حضرت غوث الاعظم

Marfat.com

اولیا بندۂ درگاہ و ے انداز رہ شوق ۱۰ خواجۂ جملہ ولی حضرت غوث الاعظم

نام تو چوں بہ بریدالش نوشتند اے فخر
(۱۱)
شکر کن شیخ تو شد حضرت غوث الاعظم

(۱) حضرت غوث پاک سارے جہان کے والی ہیں راہِ حق میں جو سرگرداں ہیں آپ ہی انھیں سیدھی راہ دکھاتے ہیں ۔

(۲) آپ کی ذات خدا کا مظہر ہے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے راز کے حامل اور حضرت حسن کی آنکھ کے تارے ہیں ۔

(۳) ساری دنیا کے اولیا آپ کے مرتبہ شناس ہیں واقعی آپ طبقۂ اولیاء کے لئے سرمایۂ افتخار ہیں ۔

(۴) آپ کے طفیل میں اسلام نے حیات جاوداں پائی واقعی آپنے مسیحائی کی ۔

(۵) سرور کائنات نے عالم رویا میں اپنا لعاب دہن آپ کو بخشا ہے ۔ یہ غیر معمولی قابلیت زبان دانی اور قادر الکلامی اسی کے طفیل میں ہے ۔

(۶) آپ کا پُر وقار لہجہ، الفاظ کی بندش اس پر مستزاد شیریں زبانی یہ ساری صفتیں آدمی کو مسحور کرنے کے لئے کافی ہیں ۔

(۷) انداز گفتگو ایسا صاف اور دلکش ہے کہ ہر شخص خواہ دور ہو یا قریب آسانی سے آپ کا مفہوم سمجھ لیتا ہے ۔

Marfat.com

(۸) آپ جس وقت مصروف گفتگو ہوتے ہیں ہمہ تن خاموشی سے آپ کے ارشادات کو سنا جاتا ہے۔ کیا کہنے ہیں غوث پاک کے رعب و دبدبہ کے
(۹) ہر شخص کی تمنا ہے کہ کاش کسی بات کی فرمائش ہو یا کوئی حکم ہو تو اس کی بجا آوری اسکے لیئے سرمایۂ آخرت بنے۔ یہ بات شہنشاہوں کو کہاں نصیب۔
(۱۰) آپ کے آستانہ کی جبہ سائی اولیا کے لیئے باعث فخر ہے۔ اقلیم ولایت کے آپ ہی تاجدار رہیں۔
(۱۱) یہ میرے لیئے باعث صد افتخار ہے کہ میں بھی غوث پاک کے دامن سے وابستہ ہوں۔ آپ کے غلاموں کی فہرست میں میرا بھی نام ہے اس بات پر میں جس قدر شکر کے سجدے کروں کم ہے۔

بارش بخیر لکھنؤ سے جب فارغ ہو کر آگیا اور میری تعلیمی مصروفیات ختم ہو چکیں میں نے دائرہ میں ہی رہنا شروع کیا (اب میں ایک سند یافتہ عالم تھا) پروردگار عالم کا شکریہ کس زبان سے ادا کروں۔ اس واقعہ کے غالباً ایک سال بعد سید السادات منبع البرکات مصدر فیوضات گزیدہ اوقات سراپا خلق و الحسنات۔ تارک دنیا و دوں، باہمہ از ہمہ بروں صاحب کشف و کرامات آیۃ من آیات اللہ سیدنا و مرشدنا سید محمد عاشق نقوی نقشبندی) (اللہ تعالیٰ انھیں کروٹ کروٹ جنت

Marfat.com

نصیب کرے) نے مجھے اپنی فرزندی میں قبول کرلیا۔ سید صاحب قبلہ سلسلہ نقشبندیہ کے بلند پایہ بزرگوں میں سے تھے آبائی وطن آپ کا کڑہ کا مشہور اور مردم خیز قصبہ تھا۔ سادات نقویہ سے آپ کو شرف انتساب حاصل تھا ؎ ستم زغم عشق تو مستم مستم

میری خوش قسمتی تھی کہ ایسا مرشد کامل ہاتھ آیا۔ اپنی قسمت پر جس قدر ناز کروں کم ہے۔ آپ کی عنایت سے دل کے حوصلے نکالنے کا موقعہ ملا اور سارے ارمان پورے ہوتے نظر آئے۔ حضرت والا نے اپنی ساری شفقتیں مجھ پر مبذول کردیں۔ میں نے بھی اس عنایت بے پایاں سے بھرپور فائدہ اٹھایا میری تمنا تھی کہ خاندان نقشبندیہ مجددیہ سے بھی اپنا رشتہ قائم کروں۔ چونکہ حضور کی خدمت میں گستاخ تھا بے تکلف اس راز کا افشا کر دیا۔ یہ سنکر حضرت نے کانوں پر ہاتھ رکھکر فرمایا۔ حاشا میری مجال نہیں کہ سلسلہ عالیہ قادریہ میں دخل اندازی کروں۔ ایاز قدر خود بشناس

اس جواب سے میرے خوابوں کا محل ٹوٹ گیا۔ اور اس قدر رنج ہوا کہ میرا چہرہ غم پنہاں کی عکاسی کرنے لگا حضرت نے میری اس کیفیت کو ملاحظہ فرمایا۔ چونکہ مجھ سے والہانہ محبت کرتے تھے مجھے دلگیر نہ دیکھ سکے

Marfat.com

مراقبہ فرمایا کچھ دیر کے بعد مجھے طلب فرمایا۔ اپنے روبرو بیٹھنے کا اشارہ کیا میں نے تعمیل ارشاد کی۔ "بیک توجہ آئینہ خاطرما را از زنگ ماسوا پاک وصاف ساختند" آپ کی ایک نگاہِ کیمیا اثر نے میرے دل سے نقش ماسوا مٹا دیا۔ کلاہِ گوشہ دہقاں بآفتاب رسید۔

بہت جلد میں نے وہ مدارج عالیہ طے کر لئے جہاں تک خیال کی رسائی ناممکن ہے۔ فرمایا ذکر نفی واثبات خاندان نقشبندیہ کا طرۂ امتیاز ہے اس کی جس قدر پابندی ہو سکے کرنی چاہیے۔ گوہر مقصود اسی سے ہاتھ آئے گا۔

تم دیکھنا کہ اس اسم اعظم کی برکت سے مقامات تصوف تک کیسی تمہاری رسائی ہوتی ہے اور وہ رازہائے سربستہ خواہ وہ ولایت صغریٰ ہو یا ولایت کبریٰ، ولایات علیا ہو یا مقامات اولیا نیز حقیقت صلوٰۃ اور حقیقت کعبہ وغیرہ تم پر کس طرح منکشف ہوتے ہیں

قیاس کن زگلستان من بہار مرا

دپروردگارِ عالم تیری کریمی کے صدقے، حضور نے اپنی زبان فیض ترجمان سے جو ارشاد فرمایا تھا میں نے بچشم خود ان کا مشاہدہ کیا۔ میں اس دولت لازوال کا (جو مجھے حضرت کے طفیل اور حضرات نقشبندیہ کے صدقہ میں ملی) شکریہ کس زبان سے ادا کروں کیسی

Marfat.com

نے کیا خوب کہا ہے سلسلہ نقشبندیہ کے اکابرین کی قافلہ سالاری کی داد نہیں دی جا سکتی۔ قافلہ منزل مقصود (یعنی حرم) تک پہنچ گیا لیکن کس آسانی سے کہ اہل قافلہ کو منزلوں کی صعوبت کا احساس تک نہ ہوا) حضرت والا کے اس احسان سے میں سبکدوش نہیں ہو سکتا۔ میں نے اس جذبۂ تشکر کو اشعار میں منتقل کرنے کی کوشش کی ہے۔

"میرے مرشد نے اپنی نوازشوں سے مجھے اپنا غلام ناخریدہ بنا لیا ہے خدا ان کے روضہ کو شاداب اور ان کی تربت کو ٹھنڈا رکھے، سر اس فخر سے اونچا ہو رہا ہے۔ سبحان اللہ کس عالی تبار شیخ سے مجھے شرف بیعت حاصل ہوا ہے"

تقریباً بیس سال مجھے خدمت اقدس میں رہنے کا موقع ملا میری خوش نصیبی ہے اس طویل مدت میں عنایات کی بارش مجھ پر ہوتی رہی آپ کے فیض سے یہ خاکسار کبھی محروم نہیں رہا اس کے باطنی مدارج بڑھتے رہے۔ کبھی کبھی اپنے قدوم میمنت لزوم سے اس فقیر کی کٹیا کو بھی سرفراز فرمایا۔ اس وقت میں سوچتا تھا کہ یہ شعر میرے حسب حال ہے

یہ کس رشک مسیحا کا مکاں ہے
زمیں جس کی چہارم آسماں ہے

آپ کی نگاہ میں موہنی تھی۔ نگاہ کی ایسی تاثیر میں نے کسی دوسرے

Marfat.com

شیخ میں نہیں دیکھی شاید آپ ہی کے لئے کہا گیا ہو ؂

نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اس موقع پر شیخ سدو عرف سدو میاں کا واقعہ یاد آیا۔ شیخ صاحب کرٹے کے رہنے والے تھے۔ دہلی جاکر تعلیم حاصل کی تھی تعلیم سے فراغت کے بعد حضرت شاہ محمد سعید مجددی قدس اللہ سرہٗ کے مرید بھی ہوئے اور کافی وقت آپ کی صحبت میں گذارا مگر بجز ذکر قلبی کے آگے نہ بڑھ سکے۔ دہلی سے واپسی میں حضرت والا سے بھی نیاز حاصل ہوا۔ ایک بار عرض کیا حضور گوہر مراد سے ابھی تہی داماں ہوں۔ فرمایا کچھ دن اسی ہیچمداں کے پاس بیٹھو۔ اور انھوں نے حسب ارشاد خدمت اقدس میں رہنا شروع کیا۔ بہت جلد شاہ غلیمی کے تجلی نور سے ان کی آنکھیں خیرہ ہونے لگیں اور اپنے مطلب کو پہنچ گئے۔ آخر وہ گھڑی آپہونچی جو سب کو پیش آنے والی ہے یعنی ۱۲۷۰ھ میں حضرت کا وصال ہوا۔

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد

روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

آپ کی زندگی قابل رشک تھی۔ صبر و شکر قناعت اور سیر چشمی آپ کی سیرت کے نمایاں پہلو ہیں۔ بظاہر کوئی خاص آمدنی نہ تھی مگر خدا انکے

Marfat.com

فضل سے چار آدمیوں سے اچھا کھاتے اور اچھا پہنتے تھے۔ میں نے ہمیشہ آپ کو خوش حال ہی دیکھا۔ دو ایک مہمان یا مسافر بلا ناغہ دسترخوان پر موجود رہتے۔ آپ کا دسترخوان بھی معمولی نہ تھا قلیہ اور قورمہ سے خاطر ہوتی تھی۔ دوسروں کو کھلا کر آپ کو دلی مسرت ہوتی تھی۔

سچ ہے ؎

قلندران کہ بہ تسخیر آب و گل کوشند　　　بشاہ تاج ستانند و خرقہ می پوشند

کشف قبور کا خاص ملکہ تھا۔ فرماتے تھے کہ دادا پیر حضرت شیخ مراد اللہ تھانیسری کا طفیل ہے میں نے ہمیشہ حضرت کی جوتیاں سیدھی کی ہیں جس زمانہ میں عبداللہ خاں قندھاری رسالہ دار تھے میں لکھنؤ میں مقیم تھا۔ آپ مجھ پر خاص توجہ فرماتے مجھے تو جو کچھ ملا وہ حضوری کے صدقہ میں ملا یہ ایک طویل داستان ہے لیکن گاہے گاہے باز خواں ایں قصۂ پارینہ را،

میں نے جب بیعت کی درخواست کی فرمایا اب میرا آخری وقت ہے۔ اگر بجائے میرے مولانا ابوالحسن نصیرآبادی سے یہ نعمت ملے تو مے دوآتشہ کا لطف آئے۔ مولانا میرے خلیفہ خاص ہیں ان کی تربیت اور میری صحبت سے تمہاری زندگی میں نکھار پیدا ہوگا بہر حال میں نے آپ کے حکم کی بجا آوری کی اور مولانا ابوالحسن نصیرآبادی کی خدمت سے مستفید ہوا۔ فرماتے تھے حضرت شاہ مراد اللہ صاحب تھانیسری کا

Marfat.com

جب وصال ہوا اور آپ سپرد خاک کر دیئے گئے میں اسی وقت بڑے ادب سے حضرت کے مزار کے قریب مراقبہ میں مشغول ہوا۔ ناگاہ چشم دل نے یہ دیکھا کہ حضرت اقدس اپنی تمام رعنائیوں کے ساتھ جلوہ افروز ہیں

دل کے آئینہ میں ہے تصویر یار جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

بس اسی وقت کشف قبور کا ملکہ ہو گیا یہ ہے طریقہ نقشبندیہ کی بیعت کی داستان

مجھے تصنیف و تالیف کے لئے کبھی اطمینان و فرصت نہ مل سکی میری مصروفیات بیحد تھیں۔ درس و تدریس کے مشاغل، طبابت کے فرائض اور اس پر خانہ داری کی ذمہ داریاں ..... مجھے سکون ہی نہ مل سکا اسی عالم میں میں نے چند علمی یادگاریں چھوڑی ہیں ان میں زیادہ تر وہ مختصر رسالے ہیں جنھیں میں نے اپنے معاصرین کی کسی علمی فروگذاشت پر یا ان کے نظریہ سے نامتفق ہو کر لکھا ہے۔ بعض کتابچے میری نو مشقی کے زمانہ کے ہیں۔ لیجئے یہ ہے میری تصنیفات کی فہرست

۱۔ تفرقۃ السنۃ والبدعۃ (۲) برہان فی تعین الزمان لسماع الدعویٰ من السلطان (مولوی عبدالرحمن مرزا پوری کے کتابچہ کا جواب۔ (۳) قدم الصمیق فی رد التبصرۃ التی انفہا الشفیق (مولوی حافظ رحمت اللہ الہ آبادی کے کتابچہ کا جواب۔ (۴) تبذیر البشیر لکافۃ الناس من الصغیر والکبیر فی اثبات مولد البشیر (اس کتاب میں میلاد شریف کا جواز

Marfat.com

ثابت کیا گیا ہے۔ یہ کتابچہ مولانا محمد بشیر سہسوانی کے کتابچہ کی تردید میں ہے (۵) مناسک حج یہ ایک مختصر سی کتاب ہے (۶) ستر عورت، یہ بھی ایک مختصر سی کتاب ہے (۷) اثبات مولد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم (مولانا محمد ظاہر صاحب بریلوی کی مختصر کتاب کا جواب (۸) ایک کتابچہ مولوی سیف الدین نبیرہ مولوی محبوب علی دہلوی کی کسی کتاب کی تردید میں (۹) مولانا محمد فصیح غازی پوری روافض کے کفر کے قائل تھے ایک کتابچہ میرا اسی نظریہ کی تردید میں ہے (۱۰) تقسیم میراث پر ایک مختصر سی کتاب (مولوی شاہ محمد ولایتی کی تردید میں) (۱۱) میلاد شریف پر بھی میری ایک مختصر سی کتاب ہے۔

مندرجہ بالا تصنیفات میں سے صرف دو کتابیں شائع ہو سکیں یعنی میلاد شریف اور ستر عورت۔ بقیہ کتابیں غیر مطبوعہ ہیں

اب .... اپنی اولاد کا بھی کچھ تذکرہ کروں۔

جیسا کہ پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ تقریباً ۱۶ سال کی عمر میں جب کہ آغاز شباب تھا والد صاحب قبلہ نے میری شادی کر دی تھی۔ شادی کو ابھی چھ مہینے ہوئے تھے کہ مجھے اعلیٰ تعلیم کے لئے لکھنؤ جانا پڑا چند سال کے بعد میری اہلیہ مختلف امراض میں مبتلا ہوئیں اور اسی میں ان کی جان گئی ان سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ کئی سال بعد جب میں اپنی تعلیم مکمل کر کے

Marfat.com

گھر آیا تو عقد ثانی کا ارادہ ہوا۔ آخر ایک سال بعد میری دوسری شادی ہوئی۔ ان بی بی سے خدا کی عنایت سے ایک بیٹا اور سات بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ صاحبزادہ کا نام میں نے سید مسیح الدین احمد تجویز کیا۔ میری سات اولاد میں تین کا انتقال حالت شیر خوارگی ہی میں ہو گیا تھا اتفاق سے تینوں صاحبزادیاں تھیں۔ بقیہ خدا کے فضل سے بقید حیات ہیں۔ اللہ تعالیٰ انھیں سلامت رکھے۔ صاحبزادہ بلند اقبال اور ان کی دو بہنوں کی شادی ہو چکی ہے۔ یہ تینوں ماشاءاللہ صاحب اولاد ہیں۔

اولاد کا تذکرہ ہو چکا اب شاگردوں کا حال سنئے۔ میرے بیشمار شاگرد ہیں۔ ان میں ممتاز ترین شاگرد مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ مولوی فرید الدین احمد (الہ آباد میں وکالت کرتے ہیں)۔

۲۔ مولوی رفیع الدین احمد (لکھنؤ میں پریکٹس کر رہے ہیں)

اگرچہ ان دونوں نے میرے علاوہ دوسرے اساتذہ سے بھی پڑھا ہے۔ بہرحال ان کا شمار میرے تلامذہ میں ہوگا۔

۳۔ مولوی شیر علی (یہ سید سراون کے باشندہ ہیں الہ آباد میں پریکٹس کرتے ہیں۔

۴۔ مولوی عبد الغنی (یہ سید مراون کے رہنے والے ہیں اور الہ آباد میں وکالت کرتے ہیں

Marfat.com

مولوی شیر علی اور اُن کے لڑکے مولوی عبدالغنی صاحبزادہ نے علمی دنیا میں کوئی خاص شہرت نہیں حاصل کی خود مولوی شیر علی پایہ کے عالم تھے اور از ابتدا تا انتہا مجھ سے پڑھا تھا۔

۵۔ میرے ممتاز شاگردوں میں میرے فرزند ارجمند مولوی حکیم سید نسیم الدین احمد سلمہ بھی ہیں۔ صاحبزادہ صاحب نے کم عمری میں علوم عالیہ سے فراغت حاصل کر لی تھی۔ ۱۸ سال کی عمر میں دستار فضیلت حاصل کی اور مستند حکیم کی حیثیت سے اجداد اور صلاحیتوں کی بنا پر اپنی آبائی مسند پر متمکن ہو گئے۔ میرے بجائے درس و تدریس نیز مطب کی ذمہ داریاں اب یہی سنبھالتے ہیں۔ ان کے معاصرین میں ان سے زیادہ لائق اور فائق کوئی نہیں، یہ ہر فن میں طاق ہیں۔ کسی مسئلے کو دریافت کریئے "پھر دیکھیے انداز گل افشانی گفتار" ہے۔

باوجود اس علم و فضل کے انتہائی خلیق، متواضع اور ملنسار ہیں مجھ سے بیعت ہو چکے ہیں یہ رنگ بھی بہت چوکھا آیا مگر عدیم الفرصتی یا یوں کہیے کہ درس و تدریس کے مشاغل سے فی الحال اتنا وقت نہیں نکال سکتے کہ تصوف اور سلوک کے مراحل بھی طے کر لیں۔ لیکن خدا نے چاہا تو میرے بعد میرا اور میرے بزرگوں کا نام روشن کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرمائے اور انھیں اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

Marfat.com

۶۔ میرے شاگردوں میں جن لوگوں نے علم میں کمال حاصل کیا کران میں مولوی حاجی عبدالرؤف قندھاری کی ذات غنیمت تھی ۔حاجی صاحب نے درس نظامی کی آخری کتابیں مثلاً مطول، ہدایہ اور بیضاوی مجھ سے پڑھ کر حرمین شریفین (زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً) کا رخ کیا: حج و زیارت کی سعادت حاصل کی ۔ نصیبہ کے سکندر تھے حج سے جیسے ہی فارغ ہوئے پیغام اجل آپہونچا اور انھوں نے وہیں جان جان آفریں کے سپرد کی قسمت دیکھیے دفن کہاں ہوئے جنت المعلیٰ میں ۔ واقعی وہ عالم باعمل تھے اور سونے پر سہاگا یہ کہ اہل دل میں سے تھے حضرت شاہ غلام علی قدس اللہ سرہ کے خاص خلیفہ شاہ عبدالرحمٰن شاہجہاں پوری سے بیعت ہو کر میری خدمت میں حاضر ہوئے اور رفتہ رفتہ اس علمی مقام پر پہنچے تھے ۔ (۷) میرے شاگردوں میں مولوی محمد مزمل ولایتی بھی تھے ۔ ان کا تعلق حضرت شاہ سلیمان تونسوی سے تھا ۔ درس نظامیہ کی آخری کتابیں مجھ سے پڑھ کر وطن واپس گئے ۔

مولوی محمد نذیر جائسی کا شمار بھی میرے شاگردوں میں ہے انھوں نے درس نظامی کی آخری کتابیں مثلاً شرح مواقف مجھ سے پڑھی تھی ۔ فارغ ہونے کے بعد جائس میں رہنے لگے ۔

۹۔ میرے شاگردوں کی فہرست میں مولوی لطف اللہ لکھنوی کا نام آتا ہے ۔ فلسفہ و منطق میں انھیں بڑا امتیاز حاصل تھا ۔

Marfat.com

۱۰۔ مولوی فتح الدین ساکن سید سراوان بھی میرے شاگرد ہیں۔

مندرجہ بالا شاگردوں کے علاوہ دوسرے حضرات نے بھی مجھ سے پڑھا ہے لیکن کوئی دینی یا دنیاوی شہرت نہ حاصل کر سکے اس لئے ان کے تذکرہ سے قطع نظر کرتا ہوں۔

